بھی تین طرح کی تالیفین ہوسکتی ہین اول بروزن فاع لاتن دوم بروزن مس تفع لن سوم
بروزن مفعولات وزن پہلا اور دوسرا اس قسم کا مانند وزن دوسرے اور تیسرے قسم گذشتہ کے
ہے لیکن کتابت مین بعضے فرق کرتے ہین اسطرح پر کہ اجزای قسم دوم کو یکدیگر سے منفصل او
جدا لکھتے ہین اور یہہ چھہ رکن اصول سے ہین اور اٹھارہ تالیفین اور اس سباعی کی ممکن ہوسکتی
ہین کہ شعر فارسی مین اونکو اصول سے نہین گنتے بسبب گرانی اور ثقالت کے پس از روے
احتمالات عقلی کے بناے سباعی مین تقدیم اور تاخیر اور توسیط اسباب اور اوتاد سے چھبیس تالیفین
ہوسکتی ہین مثلاً دو سبب خفیف جب وتد مجموع سے مقدم ہون یہہ ایک صورت ہوئی اور جب
وتد مجموع دو سبب خفیف پر مقدم ہو یہہ دو صورتین ہوئین اور جب وتد مجموع درمیان دو سبب خفیف
کے واقع ہو تین صورتین ہوئین اور جب وتد مفروق بجاے وتد مجموع کے ان تینون جگہ در تو
آیا چھہ صورتین ہوئین اور جب دو سبب ثقیل بجاے دو سبب خفیف کے ان چھہ صورتون مین آئے
بارہ صورتین ہوئین اب دو صورتین ان اسباب کی اور رہین ایک سبب خفیف مقدم اور سبب ثقیل
موخر اور دوسرے سبب ثقیل مقدم اور سبب خفیف موخر پس جیسے دو سبب خفیف یا دو سبب ثقیل

نہین گنتے ہین اگرچہ مشتقات فعل سے یہہ بھی ہین اور جو رکن کہ دراز ہو وہ بھی لذ نہو گا اس
جہت سے کہ اقتضاے ملالت کرتا ہے لہذا زیادہ سباعی سے اصول مین مستعمل نہین کیا
پس اصول یا خماسی ہونگے جیسے فعولن اور فاعلن یا سباعی ہونگی جیسے مفاعیلن اور فاعلاتن وغیرہ
اور خماسی مولف ایک سبب اور ایک وتد سے ہوتا ہے پس اگر سبب خفیف ہو اور وتد
مجموع اوس سے دو تالیفین ممکن ہین ایک یہہ کہ وتد مجموع مقدم ہو وہ مرکب بروزن فعولن
ہوگا اور دوسرے یہہ کہ سبب خفیف مقدم ہو وہ مرکب بروزن فاعلن ہوگا اور یہہ دونون یعنی فعولن
اور فاعلن شعر تازی مین اصول سے ہین اور شعر فارسی مین دوسرا یعنی فاعلن سے مستعمل نہین ہے پس اصول شعر فارسی
بھی نہین ہے اور تالیفین اور بھی ایک سبب اور ایک وتد سے ممکن ہین کہ خماسی مین واقع ہوتی ہین وہ
آٹھہ ہین اونمین چھہ تالیفین جو اور ممکن ہین اونکو اصول سے نہین جانتے نہ عربی مین نہ
فارسی مین پس از روے احتمالات عقلی کے بناے خماسی مین اسباب اور اوتاد سے آٹھہ
صورتین ہوسکتی ہین چار تقدیم سبب خفیف یا ثقیل سے وتد مجموع یا مفروق پر اور چار تقدیم
وتد مجموع یا مفروق سے سبب خفیف یا ثقیل پر پس اونمین دو صورتین جیساکہ مصنف نے
بیان کیا مستعمل ہین باقی چھہ نامستعمل اسواسطے کہ تالیف وتد مجموع ساتھہ سبب ثقیل کی تقدیم
و تاخیر دونو نمین ناخوش ہین کس لیے کہ تقدیم سبب ثقیل مین توالی چہار حرکت لازم آتی ہے
اور تاخیر سبب ثقیل مین حرف آخر کلمہ متحرک ہوتا ہے یہہ دو تو ناروا ہین اور تالیف سبب
ثقیل کے ساتھہ وتد مفروق کی بھی بد ہے کس لیے کہ تقدیم اور تاخیر دونو نمین آخر کلمہ متحرک
ہوتا ہے پس یہہ دونون بھی روا نہین اور تالیف سبب خفیف کے ساتھہ وتد مفروق کی پس
تقدیم سبب مین وہی قباحت ہے تحریک آخر کی اور تقدیم وتد مفروق مین بعینہ صورت فاع لن
کے ساتھہ فاعلن کی ہے اور تکرار نازیبا ہے ح قولہ و این ہر دو در شعر تازی از اصول اند
یعنی من حیث المجموع و اول در شعر فارسی ہم از اصول است تم کلام اسی جگہہ داخل ہونا فعولن کا
اصول فارسی مین ثبت ہے پس حاشیہ تحصیل حاصل ہم واما سباعی مولف از دو سبب یک وتد
باشد و از اسباب ہر دو ثقیل نشاید پس اگر ہر دو خفیف بود و وتد مجموع تالیف ازان سہ نوع تواند
اول آنکہ وتد بر ہر دو سبب مقدم بود و این بر وزن مفاعیلن بود دوم آنکہ میان ہر دو سبب بود

اور اگر کاف سے شروع کرے تو کن بھی حوالی دائرہ پر پھرے بروزن فاعلن ہو فک بالفتح
و تشدید جدا کرنا دو چیز کا یکدیگر سے منتخب اور لطائف اور صراح سے کذا فی الغیاث هم و
دیگر دائرہ جہت مفاعیلن و مفعولات و مستفعلن و فاعلاتن و بر وی باید نوشت علامات متحرکات
و ساکنات این کلمہ در تن یکدل تا ابتدا از ہر متحرک کنی یکی ازین ارکان در تمامی دور حاصل آید
و کیفیت انفکاک ارکان از یکدیگر روشن شود و چنان بہتر کہ درین موضع دو دائرہ آورند یکی جہت
وتد مجموع و دیگر جہت وتد مفروق تا اجزای اولی از حال خود بنگردد و سبب جزوی از وتد نشود
و یا بر عکس و دائرہ دیگر جہت مفاعلتن متفاعلن بنہند و بر وی نویسند بدی نکنم تا ہر دو رکن از و
خواندہ شود و صورت دائرہ این است اور دوسرا دائرہ واسطے مفاعیلن مفعولات
مستفعلن فاعلاتن کے ہے اوس مین لکھا چاہیے علامات متحرکات اور ساکنات اس کلمے کے
دو تن یکدل بدون تلفظ واو کے لفظ دو مین اسلیے کہ جس متحرک سے شروع کرے تو ایک
ان ارکان سے تمامی دور مین حاصل ہو اور کیفیت انفکاک ارکان کی یکدیگر سے ظاہر ہو اور
بہتر یہہ تھا کہ دو دائرے اسکے مقرر کرتے ایک واسطے وتد مجموع کے اور ایک واسطے وتد مفروق
کے تا اجزاے اولے یعنے سبب اور وتد اپنی حال سے نہ پھرتے اور سبب جزو وتد کا اور وتد
جزو سبب کا نہوتا مثلاً مفاعیلن مفعولات مین اگر فا سے مفاعیلن سے شروع کرین مفعولات کہین تو
کہ مفا مین جزو وتد تھا اب سبب ہو گیا اور لن کہ سبب خفیف تھا اب جزو وتد مفروق ہو گیا
و قس علی ہذا یہی انقلاب اسباب و اوتاد مین لازم آیا مگر عروضی ایسا نہین کرتے چارون ارکان کا
کا ایک ہی دائرہ لکھتے ہین اور ایک دائرہ واسطے مفاعلتن اور متفاعلن کے مقرر کیا ہے اور
اوس مین لکھتے ہین بدی نکنم اسواسطے کہ دونون رکن اوس سے پڑہے جائین اور صورت دائرون کی یہہ ہے جیسا کہ لکھا جاتا ہے

فاعلن

دائرہ

دائرہ

دائرہ

جب دونون وتد دو سببے ملے بارہ صورتین شکلین ویسی ہی ان دونون کے انضمام سے ساتھہ دونون
وتدون سے بھی بارہ صورتین اور شکلین اور یہہ بارہ اور بارہ چوبیس تالیفین ہوئین پس چھہ تالیفین
انمین سے تازی اور فارسی مین اصول ہین باقی اٹھارہ تمامہا فارسی مین اصول سے نہین بسبب
ثقالت کے مگر عربی مین ان اٹھارہ سے دو تالیفین اور مستعمل اور اصول سے ہین جیسا کہ محقق علیہ
الرحمہ فرماتے ہین ہم اما در تازی دو تالیف از جملہ آنچہ مرکب بود از وتدی مجموع و سببی ثقیل
و سببی خفیف یا مولف از وتدی مجموع و فاصلہ صغرے ہم از اصول شمرند و آن مفاعلتن و متفاعلن است
پس ارکان اصلی در پارسی ہفت ست بتحقیق و پنج در تلفظ و آن فعولن مفاعیلن و فاعلاتن مستفعلن
و مفعولات ست و در تازی دہ بتحقیق و ہشت در تلفظ چہ فاعلن و مفاعلتن و متفاعلن ہم از اصول انـ
ـست مگر عربی مین دو تالیفونکو ان تالیفون سے جو ایک وتد مجموع اور ایک سبب ثقیل اور ایک
سبب خفیف سے ہین یا مولف ایک وتد مجموع اور فاصلہ صغرے سے ہین اصول سے گنتے ہین
اور وہ دونون مفاعلتن اور متفاعلن ہین پس ارکان اصلی پارسی مین سات ہین بتحقیق فعولن
مفاعیلن فاعلاتن مستفعلن فاع لاتن مس تفع لن مفعولات اور پانچ تلفظ مین کس واسطے کہ فاعلاتن
اور مستفعلن متصل اور منفصل متحد ہین تلفظ مین اور تازی مین دس ہین بتحقیق فعولن فاعلن مفاعیلن
فاعلاتن مستفعلن فاع لاتن مس تفع لن مفعولات مفاعلتن متفاعلن اور آٹھہ تلفظ مین کہ یہان بھی
فاعلاتن اور مستفعلن متصل اور منفصل متحد ہین تلفظ مین ہم و عروضیان را عادت باشد کہ استخراج
این ارکان از یکدیگر بفک و ترکیب بیان کنند و در دوائر وضع کنند بیک دائرہ جہت فعولن فاعلن
و بر دو نویسند علامات متحرک و ساکن و بازای آن حروف این کلمہ کہی کن تا اگر آغاز از باکہی
بہی کن بر حوالی دائرہ بگردد بر وزن فعولن و اگر آغاز از کاف کنی کن بہی باشد بر وزن فاعلن است
اور عادت عروضیون کی یہہ ہے کہ استخراج ان ارکان کا یکدیگر سے بفک و ترکیب بیان کرتے ہین
یعنے پہلے جدا کرتے ہین حروف کو پھر ملاتے ہین اور یہہ فک و ترکیب دوائر مین وضع کرلے
ہین ایک دائرہ واسطے فعولن اور فاعلن کے اور اوس مین لکھتے ہین علامتین متحرک و ساکن
کی علامت متحرک کی دائرہ کو چھوٹا اور علامت ساکن کی الف اور مقابل حروف کے یہہ کلمہ
لکھتے ہین بہی کن تا اگر بے سے شروع کرین تو بہی کن حوالی دائرہ پر پھر سکے بر وزن فعولن ہو

قصیدے کا ہے مدار اور کشف اور بہار عجم سے اور بعض فصحاے متاخرین نے قطعے کو بالفتح
بھی کہا ہے کذا فی الغیاث هم و خلط ارکان متشابهه بایکدیگر شبیهه بود بتکرار پس بحر یا از تکرار رکنی
بسیط بود یا از خلط دو رکن متشابه و خلاف میان دو رکن متشابه یا به کم شود یا به کیفیت اما به کم چنانکه
فعولن را با مفاعیلن باشد چه هر یکے مولف از وتدی مجموع و سببی خفیف ست الا آنکه یکی از دیگر
بسببی خفیف بیشتر است و همچنین فاعلاتن فاعلن و مستفعلن فاعلن اما بکیفیت چنانکه مستفعلن را
با مفعولات باشد چه تالیف هر یکی از دو سبب خفیف و یک وتد است الا آنکه وتد در یکی مجموع است
و در یکی مفروق و همچنین مس تفع لن را با فاعلاتن و همچنین فاع لاتن را با مفاعیلن و خلیل احمد ابتدا
بخلط خماسی و سباعی کرده است پس بسباعیات بسیطه پس خلط سباعیات بایکدیگر و ختم بخماسیات بسیطه
کرده است اور خلط ارکان متشابہ کا ایک دوسرے سے مثل تکرار ایک رکن کے ہے
یعنے جیسے تکرار فعولن فعولن ہی ویسی ہی تکرار فعولن مفاعیلن کی کہ مفاعیلن شبیہہ فعولن کی ہے
پس بحر یا تکرار ایک رکن بسیط یعنی ایک رکن واحد سے ہوتی ہے یا خلط دو رکنوں متشابہ سے
اور خلاف درمیان دو رکن متشابہ کے یا کم ہونے میں ہوتا ہے یا کیفیت میں یعنی ایک رکن کی
حروف دوسرے سے کم ہوں یا حرکات میں دو رکنوں کے فرق ہو لیکن تشابہ بکمی حروف
جیسے فعولن کو ساتھ مفاعیلن کے ہے بحر طویل میں اسواسطے کہ دونوں وتد مجموع اور سبب خفیف سے
مولف ہیں البتہ دوسرے میں ایک سبب خفیف زیادہ ہے اسیطرح تشابہ فاعلاتن کا ساتھ
فاعلن کے ہے بحر مدید میں اور تشابہ مستفعلن کا ساتھ فاعلن کے بحر بسیط میں فاما تشابہ بکیفیت
جیساکہ تشابہ مستفعلن کا ہے ساتھ مفعولات کے سریع اور منسرح اور مقتضب میں اسواسطے
کہ تالیف انکی دو سبب خفیف اور ایک وتد سے ہے فقط فرق اتنا ہے کہ ایک میں وتد
مجموع ہے اور ایک میں وتد مفروق اور اسیطرح تشابہ بکیفیت مس تفع لن منفصل کا ہے ساتھ
فاعلاتن کے بحر مجتث میں اور تشابہ بکیفیت فاع لاتن منفصل کا ساتھ مفاعیلن کے بحر مضارع
میں اور خلیل ابن احمد نے ابتدا بخلط خماسی اور سباعی کے ہے دائرہ مختلفہ میں بعد اوسکے
سباعیات بسیطہ کو لایا ہے دائرہ موتلفہ میں بعد اوسکے خلط سباعیات کا بیکدیگر کیا ہے
دائرہ مشتبہہ میں اور خاتمہ کیا ہے خماسیات بسیطہ پر دائرہ متفقہ میں بسیط بفتح جای فراخ

م **فصل پنجم** در بحرہا و دوائر و فک بحرہا از یکدیگر بحرہا از تکرار ارکان خیزد و ارکان را چون
چند بار تکرار کنند بشرطے کہ معتدل بود نہ دراز مُمل و نہ بس کوتاہ مُخل وزن مصراعی حاصل آید و از دو مصراع
بیتے آید و از ابیات قطعہ یا قصیدہ یا غیر آن و کمترین عدد ہی تکرار دو باشد و بیشتر چہار و زیادت از این
بسبب درازی مستعمل نباشد پس بیتی از چہار رکن بود یا از شش یا از ہشت رکن مگر در مواضعی کہ یاد
کردہ شود **فصل** پانچوین بحرونمین اور دائرونمین اور فک بحورمین یکدیگر سے بحرین تکرار
ارکان سے پیدا ہوتی ہین یعنے تعدد ارکان سے اور ارکان کو جب کئی بار تکرار کرین بشرطیکہ وہ
تکرار معتدل ہو یعنی مرغوب طبع نہ دراز مُمل یعنے ملال آورندہ اور نہ بہت کوتاہ مُخل یعنے خلل اندازندہ
پس وزن ایک مصرع کا حاصل ہوتا ہے اور دو مصرعون سے ایک بیت ہوتی ہے اور بیتون سے
قطعہ یا قصیدہ حاصل ہوتا ہے یا مثل اوسکے جیسے مثنوی اور رباعی ہے اور کمترین عدد واسطے
تکرار کے دو ہین اور متوسط تین اور اکثر چار اور زیادہ اس سے بسبب درازی کے مستعمل نہین ہے
پس ایک بیت چار رکن سے ہوگی یعنی مربع یا چھہ رکن سے مسدس یا آٹھہ رکن سے یعنی مثمن
جس جگہہ کہ بیان اونکا آویگا معلوم کیا چاہیے کہ یہہ قول اکثر یہ ہے اور یہہ اوزان مرغوب طبع
ہین اور ابیات موحد اور مثنے عربی مین اور شانزدہ رکنی بلکہ زیادہ فارسی مین اگرچہ کبھی کبھی ہین
مگر مرغوب طبع نہین ہین مُمل بضم میم اول وکسر میم ثانی و تشدید لام طول کنندہ غیاث سے بحر بفتح
اول و سکون ثانی دریای شور اور جوی بزرگ اور مجازاً بمعنی وزن شعر مشابہت یہہ کہ جیسا دریا
شامل ہے بانواع جواہر و نباتات بحر عروض بھی شامل ہے بانواع شعر یا یہہ کہ جیسا کوئی دریا مین
حیران اور سرگردان ہوتا ہے جو شخص بحر عروض مین پڑتا ہے متفکر اور حیران ہوتا ہے بجہت
تغیرات ارکان کے کذا فی الغیاث اور مصرع بدون الف بمعنی تختۂ در کہ دو سکو تخت در اور طبقہ در
بھی کہتے ہین اور اصطلاح مین نیمۂ بیت وجہ مشابہت ظاہر ہے کہ جیسے دو طبقون سے ایک دروازہ
ہوتا ہے ویسے دو مصرعون سے ایک بیت منتخب از بہار عجم اور رسالہ عروض سیفی سے اور قصیدہ
بمعنی مغز ستبر اور اصطلاح شعرا مین وہ نظم کہ دونون مصرع بیت اول کے مصاریع ثانی ابیات
سے ہم قافیہ ہون اور وہ نظم اکثر پندرہ بیتون سے نہو غیاث سے اور قطعہ بکسر اول اور سکون
ثانی ٹکڑا ہر چیز کا اور اصطلاح شعرا مین دو بیتین یا زیادہ اونمین مطلع ہو یا نہو لیکن گو یا وہ ایک ٹکڑا

اوسکے برابر ہین لہذا اونکا بھی نام مدید اور بسیط رکھا مگر بسیط سے ورا تر ہین سبب طویل و دراز
اور نام ایک بحر کا ہے اور یہہ بحر اشعار عرب سے تعلق رکھتی ہے شعر فارسی اس بحر مین کمیاب
ہے اسواسطے کہ فارسی مین مطبوع نہین ہے اور اصل اس بحر کی فعولن مفاعیلن ہے چار بار
اور اس بحر کو اس جہت سے طویل کہتے ہین کہ واضع علم عروض نے بخلاف اس بحر کے
بعض بحور کو مسدس وضع کیا ہے اور بعض کہ مثمن ہین بسبب زحافات کے کوتاہ بھی ہوتے ہین
اور مجزو بھی آتے ہین اور بعضے کہتے ہین کہ اس بحر کی ارکان مین اوتاد مقدم ہین اسباب پر اور
وتد طویل ہے بہ نسبت سبب کے اور عوام کہ بحر رمل شانزدہ رکنی کو طویل کہتے ہین غلط ہے
کذا فی الغیاث ہم ب انچہ ابتدایش از جزو دوم باشد از وزن مذکور بدینگونہ لن مفاعی لن فعو
لن مفاعی لن فعو برین وزن کہ فاعلاتن فاعلن فاعلاتن فاعلن واین را مدید نام کردہ است
دوسرے وہ کہ ابتدا جزو دوم سے کرین یعنی فعولن کہ رکن اول ہے اوسکے لن سے شروع کرین
اسطرح پر لن مفاعی لن فعولن مفاعی بروزن فاعلاتن فاعلن فاعلاتن
فاعلن اس بحر کا نام مدید رکھا ہے اور جو لن مفاعی لن فعو نامستعمل تھا اوسکی جگہہ پر فاعلاتن فاعلن
مستعمل لائے اور مدید اسواسطے نام رکھا کہ یہہ بھی کشیدہ ہے مثل طویل کے کذا فی الغیاث
ہم ج انچہ ابتدا از جزو سوم باشد برین وزن کہ مفاعیلن فعولن مفاعیلن فعولن و برین وزن
تازی شعر نیافتہ اند و بہرامی گوید بپارسی برین وزن اندک شعر دیدہ ام واین را مقلوب طویل
نام کردہ است تیسرے وہ کہ ابتدا اوسکی جزو سوم سے کرین یعنے مفاعی کہ جزو اول رکن
دوم ہے اس وزن پر مفاعیلن فعولن مفاعیلن فعولن اس وزن پر تازی مین شعر نہین پایا اور اگر
کسی نے بطریق مثال کوئی شعر کہا حکم اوسکا حکم النادر کالمعدوم کا ہے چنانچہ امرؤ القیس نے یہہ
شعر لکھا ہے شعر اَلَا یَا عَینُ فَابکِی عَلَی فَقدِی مُلَیکِی ✤ اَتلَافِی لِمَالِی بِلَا جِیدٍ وَجِیدٍ تَخَلَّیتُ
بِلَادًا وَصَیَّتُ بِلَادًا ✤ وَقَد کُنتُ قَدِیمًا اَخَا عِزٍّ وَمَجدٍ ✤ اور بہرامی کہتا ہے کہ فارسی مین
مینے اس بحر مین چند شعر دیکھے ہین اونمین سے ایک یہہ ہے شعر نگارا دلربائی ربودی
دل من ✤ من بیدل چگونہ از و پیوستہ ناخن ✤ اور اسکا نام مقلوب طویل رکھا ہے اور ظاہر ہے
کہ یہہ عکس طویل ہے ہم د انچہ ابتدا از جزو چہارم باشد برین وزن کہ مستفعلن فاعلن مستفعلن

وگستردہ شدہ اور وہ چیز کہ فراخ ہو اور اصطلاح مین جو چیز کہ غیر مرکب ہو یا وہ چیز کہ جز اوسکا
مشابہ کل ہو جیسا کہ آب اور آتش اور خاک اور ہوا علاحدہ علاحدہ کذا فی الغیاث خلط بالفتح
ملا ہوا منتخب ہے هم اما خماسی و سباعی مانند فعولن و مفاعیلن مولف از پنج جزو باشد و این را کوتاہ
شمرند و عادت چنان رفتہ کہ بحر در دائرہ ہمچنان کہ از ارکان طبیعی نہند کہ تغییر با ورا نیافتہ باشد و
بعد ازان بعلل و تغیرات ارکان غیر طبیعی از انجا بر انگیزند بعد از ارکان غیر بر تمام ترین وجہی ایراد
کنند تا بحذف بعضی ازان و دیگر وجوہ مستعمل بر انگیزند ت لیکن خماسی اور سباعی کا خلط مانند
فعولن اور مفاعیلن کے کہ دونون مولف پانچ جزو سے ہین فعولن مین دو جزو وتد مجموع اور سبب خفیف
اور مفاعیلن مین تین جزو وتد مجموع اور دو سبب خفیف اور اوسکو عروضی کوتاہ جانتے ہین یعنی خلط
خماسی اور سباعی کا خلاط سباعیات سے کم ہے اور عادت عروضیون کی یہہ ہے کہ بحر دائرے مین
جیسے ارکان طبیعی سے یعنی ارکان سالم سے مقرر کرتے ہین کسواسطے کہ تغیر لئے ارکان سالم نے
راہ نہین پائی ہے اور بعد اسکے بسبب علل اور تغیرات یعنی زحافات کے ارکان غیر طبیعی یعنے
غیر صحیح اون ارکان سالم سے پیدا کرتے ہین ویسے ہی بعد ارکان کے بھی تمام و کمال دائرے
مین ایراد کرتے ہین اسلیئے کہ بعض کو اونمین سے دور کرکے اور اوزان مستعمل پیدا کرین یعنی مجزو
اور مشطور اور منہوک مجزو ایک رکن کم مشطور دو رکن کم منہوک ثلث وزن کا باقی رہتا ہے علل بکسر
اول و فتح لام اسباب اور بیماریان جمع علت اور اصطلاح مین زحافات کذا فی المنتخب و الغیاث
هم فعولن مفاعیلن را مکرر کردہ اند و آنرا یک مصراع شمردہ ولا محالہ بیتش مثمن باشد و چون مصراع
ازان در دائرہ وضع کنند تا آخر باول متصل شود شاید کہ بہریکی از اجزای پنجگانہ ابتدا کنند پس ازین
دائرہ پنج بحر بر خیزد برین وزن فعولن مفاعیلن فعولن مفاعیلن و این بحر را طویل نام کردہ چہ در لغت
تازی ازین دراز تر بحر نیافت ت پس فعولن مفاعیلن کو مکرر کیا ہے اور اوسکو ایک مصرع گنا ہے
اور یقینا بیت اوسمین مثمن ہو گی اور جب ایک مصرع اوسکا دائرے مین وضع کرتے ہین اسواسطے
کہ آخر اول سے متصل ہو جاہیے کہ ساتھ ہر ایک اجزائے پنجگانہ کے ابتدا کرین پس اس دائرے
سے پانچ بحرین نکلتی ہین پہلی اس وزن پر فعولن مفاعیلن فعولن مفاعیلن اس بحر کا طویل نام
رکھا ہے اسواسطے کہ لغت تازی مین اس سے دراز تر بحر نہین ہے ہان مدید اور بسیط اگر ہین

بر وزن مفاعیلن فعولن مفاعیلن فعولن اور بروزن بسیط یون ہے مصرع ای مہ بین درنگ گہہ گہہ بین برگذر ہہ بروزن مستفعلن فاعلن مستفعلن فاعلن اور بروزن عمیق جسکو بحر مہمل کہا ہے یون ہے مصرع مہ بین درنگ گہہ گہہ بین برگذرای ہہ بروزن فاعلن فاعلاتن فاعلن فاعلاتن چونکہ بحر مہمل تھی مصرع بھی مہمل نکلا اور مہمل شعر نہین لہذا محقق علیہ الرحمہ نے یہہ مصرع کتاب مین نہ لکھا اگرچہ وزن دائرے سے نکلتا ہے دائرہ مختلفہ یہہ ہے

طویل فعولن مفاعیلن ۴ بار

مدید فاعلاتن فاعلن ۴ بار

مقلوب طویل مفاعیلن فعولن ۴ بار

بسیط مستفعلن فاعلن ۴ بار

عمیق فاعلن فاعلاتن ۴ بار

دائرہ مختلفہ

ھ وَاَمّا انچہ از سباعیات بسیط خیزد ابتدا بمولف از وتد مجموع و فاصلہ کردہ است و مصراعی از تکرار یک رکن سہ بار بکار داشتہ اند و لامحالہ بیت مسدس باشد پس اگر ابتدا بوتد کنند برین وزن آید مفاعلتن مفاعلتن مفاعلتن و این بحر را وافر نام نہادہ ہست و اگر ابتدا بفاصلہ کنند برین متفاعلن متفاعلن متفاعلن و این بحر را کامل نام نہادہ است و پارسی گویان گفتہ اند ابتدا بسبب خفیف کہ درین ترکیب ہست ہم ممکن ہست برین وزن باشد فاعلاتک فاعلاتک فاعلاتک و این وزن ہم مہمل است ﷺ وَاَمّا جو بحرین کہ سباعیات تنہا سے پیدا ہوتی ہین خلیل ابن احمد نے ابتدا اونمین اوس مولف سے کی ہے کہ جسکی تالیف وتد مجموع اور فاصلے سے ہے اور ایک مصراع اوس مین تکرار ایک رکن سے تین بار عروضیون نے استعمال کیا ہے اور جب مصرع مین تین رکن ہوئے بیت لامحالہ مسدس ہوگی پس اگر ابتدا وتد سے کرین یہہ وزن ہوگا مفاعلتن مفاعلتن مفاعلتن اور اس بحر کا نام وافر رکھا ہے اسواسطے کہ اس بحر مین حرکات اور بحرون سے زیادہ ہین اور اگر ابتدا فاصلے سے کرین یہہ وزن ہوگا متفاعلن متفاعلن متفاعلن اور اوسکا نام کامل رکھا ہے اسواسطے کہ اسمین بھی حرکات اور بحرون سے زیادہ ہین اور بحر وافر سے بہت کامل ہے مقدم ہوئی کہ وتد اوس مین مقدم ہے اور پارسی گویون نے کہا ہے کہ ابتدا سبب خفیف سے

فاعلن و آن را بسیط نام کردہ ست چہارم یہہ کہ ابتدا جزو چہارم سے ہو یعنی علی سے کہ جزو دوم
رکن دوم ہے اس وزن پر مستفعلن فاعلن مستفعلن فاعلن اسکا نام بسیط رکھا ہے اسواسطے کہ یہہ بھی
گستردہ او رہ در مثل طویل کے ہے هم و آنچہ ابتدا از جزو پنجم باشد برین وزن فاعلن فاعلاتن فاعلن
فاعلاتن و برین وزن هم تازی شعر نیافتہ اند و بعضے این دو بحر مہمل را عریض و عمیق نام نہادہ اند ا
پنج بحر کہ ازین دائرہ ممکن ست ست پانچوین وہ کہ ابتدا جزو پنجم سے ہو یعنی لن سے کہ جزو سوم رکن
دوم ہے اس وزن پر فاعلن فاعلاتن فاعلن فاعلاتن مگر اس وزن مین بھی تازی مین شعر نہین پایا ہے
اور بعضون نے ان دونون بحرون مہمل کا نام عریض اور عمیق رکھا ہے یعنی مقلوب طویل کو عریض
اور اس بحر کو کہ مقلوب مدید ہے عمیق کہتے ہین اور بعضون نے اول کو مستطیل اور ثانی کو ممتد
کہا ہے یہہ ہین پانچ بحرین کہ اس دائرے سے نکلنا اونکا ممکن ہے کسواسطے کہ فعولن مفاعیلن
مین پانچ جزو ہین اور ابتدا اسے ہر جزو سے ایک بحر نکلی پانچ بحرین ہی ہوئین چھٹی بحر کا نکلنا ممکن
نہین اور دوسرا فعولن مفاعیلن مکرر ہے تکرر سے کیا کام هم و بر جملہ بحور این دائرہ در زبان فارسی متروک ست
و آنچہ گفتہ اند بر منوال شعر عرب گفتہ اند از وجہ تشبہ بایشان و این دائرہ را مختلفہ خوانند و مصرا ے
گفتہ اند کہ درین دائرہ نہند تا ہمہ بحور از آن بر توان خواند و فک از یکدیگر تصور افتد و آن مصراع بروزن
طویل این ست ع من برگذرا ی مہ من در نگر گہہ گہہ * و بروزن مدید ع برگذرا ی مہ من در نگر گہہ
من * و بروزن مقلوب ع گذرا ی مہ من بر نگر گہہ گہہ من در * و بروزن بسیط ع ا ی مہ
من در نگر گہہ من برگذر * و صورت دائرہ این است ست اور سب بحرین اس دائرے کی
زبان فارسی مین متروک ہین جو کچھ کہ فارسیون نے ان بحرون مین کہا ہے از روے تقلید
اور تشبہ عرب کے کہا ہے اور اس دائرے کو دائرہ مختلفہ کہتے ہین کہ اسکے ارکان مین اختلاف ہے
ایک سباعی اور دوسرا خماسی اور ایک مصرع کہا ہے کہ اس دائرے مین لکھتے ہین اور پانچون بحرین
اوس سے پڑھ سکتے ہین اور جدائی بحور کی یکدیگر سے اوس مین معلوم ہوتی ہے اور وہ مصرع وزن
طویل مین یون ہے مصرع ع من برگذرا ی مہ من در نگر گہہ گہہ * بروزن فعولن مفاعیلن فعولن
مفاعیلن اور بروزن مدید یون ہے مصرع ع برگذرا ی مہ من در نگر گہہ گہہ من * بروزن فاعلاتن
فاعلن فاعلاتن فاعلن و بروزن مقلوب طویل یون ہے مصرع ع گذرا ی مہ من بر نگر گہہ گہہ من در

مصرع جو مرقومۂ متن ہے تقطیع اوسکی یہہ ہے بگو دل من مفاعلتن کجا طلبم مفاعلتن ز بہر خدا
مفاعلتن اور بر وزن کامل یون ہے مصرع جو مرقومہ متن ہے تقطیع اوسکی یہہ ہے دل من
کجا متفاعلن طلبم زبہ متفاعلن ر خدا بگو متفاعلن اور بر وزن ہزج یون ہے مصرع جو مرقومہ متن
ہے تقطیع اوسکی یہہ ہے من کجا طل فاعلاتک بم ز بہر خ فاعلاتک دا بگو دل فاعلاتک
اور اس دائرے کو مؤتلفہ کہتے ہین بسبب ائتلاف ارکان کے کہ سباعی ہین اور حرکات اور
سکنات ہین برابر اور فارسی گویون نے ان بحرون مین کچھی شعر نہین کہے ہین اور جو کچھ
بہ تکلف کہا ہے بہ تشبہ و تقلید عرب کہا ہے اور صورت دائرہ مؤتلفہ کی یہہ ہے

کامل متفاعلن ۳ بار

دایرہ مؤتلفہ

ح قولہ بیت ازین دائرہ مخفی نماند کہ در ینجا و مابعد آنچہ در امثلہ بحور آوردہ مصراعہا است نہ بیتہا
پس اطلاق بیتہا برین مصاریع باعتبار آنست کہ بانضمام مصاریع ثوانی بیتہا خواہند گردید
تم کلامہ ظاہر ہے کہ اس تاویل کی کچہہ حاجت نہین کسواسطے کہ محقق علیہ الرحمہ نے بیتہا صرف
ہین کہ عبارت مصرع سے ہے لکھہ کر ان مصرعون کو لکھا ہے ہم و بعد ازین آنچہ از رکن سباعی
مؤلف از وتد مجموع و دو سبب خفیف آید و تازیان یک مصراع از تکرار یک رکن سہ بار آوردہ اند
و پارسیان از تکرار یک رکن چہار بار پس بیت تازی مسدس باشد و پارسی مثمن و اگر ابتدا
بوتد کنند برین وزن آید مفاعیلن سہ بار یا چہار بار و آنرا ہزج خوانند و اگر بسبب اول کنند
برین وزن آید مستفعلن سہ بار یا چہار بار و آنرا رجز خوانند و اگر بسبب دوم کنند برین وزن آید
فاعلاتن سہ بار یا چہار بار و آنرا رمل خوانند و بیت ازین دائرہ بر وزن ہزج مسدس چنین باشد
ع مرا دل شد دلارامی نیامد ہ و بر وزن رجز مسدس چنین باشد ع دل بی دلارامی نیامد ہم را

یعنی که اس ترکیب مین سے ممکن ہے اس وزن پر فاعلاتک فاعلاتک فاعلاتک خواه فاعلاتن
فاعلاتن فاعلاتن یہہ وزن بھی مہمل اور متروک ہے بسبب تحریک آخر کے اور یہہ قول پارسی گویون کا
ہے اہل عرب کے نزدیک ابتدا سبب خفیف سے نہین ہو سکتی اسواسطے کہ متفا اور علتن دونون
اونکے نزدیک فاصلے ہین مرکب دو سببون سے ح قوله و فارسی گویان آه ازین قول معلوم
شد که نزد عرب ابتدا از سبب خفیف درین ترکیب ممکن نیست چه علتن را فاصلهٔ صغری قرار داده اند
ونزد پارسیان ابتدا و شروع از سبب خفیف نیز میکنند و هکذا قال کثیر من المحققین لیکن از ماسبق
محقق شد که اعتبار فاصله را چه در فارسی و چه در عربی اصلا وجهی بهم نمیرسد و عدم شروع از
سبب خفیف بجهت نامستعمل بودن بحر مذکور است نه از جهت عدم امکان والله اعلم تم کلامه
پس عدم اعتبار فاصله عربی مین ماسبق سے بموجب عبارت اس کتاب کے کہان محقق ہوا
بلکه محقق علیه الرحمه جابجا کہتے جاتے ہین که فاصله عربی مین معتبر ہے ایک جگہہ لکھا کہ تازی مین
تین متحرک اور چہارم ساکن کو فاصله صغرے کہتے ہین اور چار متحرک پنجم ساکن کو فاصله کبرے
کہتے ہین اور دوسری جگہہ لکھا کہ یہہ دو تالیفین مفاعلتن اور متفاعلن مثل تالیفات اول نہین
ہین یعنی اسباب اور اوتاد سے نہین ہین تیسری جگہہ کہا که یا مؤلف از وتد مجموع و فاصلهٔ صغرے
جیسا کہ محشی نے غلط پڑھا اور بجاے یا حرف تردید کے بازیا فیہ لکھا اور اس جگہہ بھی محقق علیه الرحمه نے
فرمایا که یہہ سباعیات مؤلف وتد مجموع اور فاصلے سے ہین اور ابتدا سبب خفیف اس دائرے مین
ممکن نہین نزدیک اہل عرب کے کسواسطے که مفاعلتن اور متفاعلن مین فاصله ہے سبب نہین
مگر پارسی گو البته ابتدا بہ سبب کر سکتے ہین که اصل عروض فارسی مین فاصله نہین ہے اور وجہہ
عدم شروع بہ سبب کہ عدم استعمال کو محشی نے لکھا ہے یہہ بھی غلط فہمی ہے که بحور نامستعمل کو دوایر سے
نکال کر متروک لکھه دیتے ہین چنانچہ یہان بھی اس وزن کو نکال کر مہمل لکھه دیا هم و بیت ازین
دائره بر وزن وافر چنین بود ع نگو دل من کجا طلبم ز بهر خدا ٭ و بر وزن کامل چنین باشد
ع دل من کجا طلبم ز بهر خدا نگو ٭ و بر وزن مهمل چنین باشد ع من کجا طلبم ز بهر خدا نگو دل ٭
و این دائره را دائرهٔ مؤتلفه خوانند و در فارسی بر بحور این دائره هم شعر نگفته اند الا آنچه بوجه تشبه عرب
بہ تکلف گفته اند صورت دائره این ست اور بیت اس دائرے سے بر وزن وافر یون ہے

اورصورت دائرۂ مجتلبہ کی یہہ ہے کہ لکھی جاتی ہے

ہزج مسدس مفاعیلن ۶ بار

رجز مسدس مستفعلن ۶ بار

رمل مسدس فاعلاتن ۶ بار

دایرۂ مجتلبہ

ہم وزایدہ ہم برین قیاس باشد و باشد کہ ہمین بحرہا بحذف ساکن سبب دوم بکار دارند تا ہزج
برینگونہ شود مفاعیل چہار بار و رجز برینگونہ مفتعلن چہار بار و رمل برینگونہ فعلاتن چہار بار و بیت
دائرہ ہزج برین منوال بود بیت مرا کس ندہد داد مرا کس نکند شاد * و بر وزن رجز بیت
کس ندہد داد مرا کس نکند شاد مرا * و بر وزن رمل بیت ندہد داد مرا کس نکند شاد مرا کس * و این
بحر را ہزج مکفوف و رجز مطوی و رمل مخبون خوانند و دائرہ بر قیاس گذشتہ نہند و آنرا دائرہ مجتلبہ
زایدہ مزاحفہ خوانند و بعضے بلقبی دیگر بخوانند و بالتخفیف راین دائرہ نیاوردیم بیت اور زایدہ بھی
اسیطرح ہے یعنے ایک رکن مثل نگار نیا زیادہ کرکے اسیطرح مثمنات کا دائرہ لکھتے ہین اور کبھی
اہل فارس انہین بحرونکو ساکن سبب دوم کو مفاعیلن سے دور کرکے استعمال کرتے ہین پس
ہزج مثمن اس وزن پر ہوتی ہے مفاعیل چار بار ایک مصرع مین یون مفاعیلن سے کہ ساکن سبب
دوم تھا دور ہوا اور رجز مثمن اس وزن پر مفتعلن چار بار ایک مصرع مین جب مفاعیلن سے ساکن
سبب دوم دور کیا مفاعیل رہا اور جب ان اسباب کو جنمین ساکن سبب دوم دور ہوا ہے وتد پر مقدم
کیا عیل مفا ہوا مفتعلن اوسکے مقام پر لائے اور رمل مثمن اس وزن پر فعلاتن چار بار ایک مصرع
مین جب مفاعیلن سے ساکن سبب دوم دور کیا مفاعیل ہوا اور جب ابتدا اس سبب آخر سے کی
ل مفاعی ہوا فعلاتن اوسکے مقام پر لائے اور بیت دائرہ ہزج سے اسطرح پر ہے بیت مرا
مرا کس ندہد داد مرا کس نکند شاد * اور بیت کہنا باعتبار دونون مصرعون کے ہے کہ مصرع ثانی
بھی اسی وزن پر ہوگا تقطیع یہہ ہے مرا کس مفاعیل ندہد داد مفاعیل مرا کس مفاعیل نکند شاد مفاعیل

ہے بروزن کل مسدس چنین ہشت مصرع بی دلارامی نیارامد مراد دل ہوا گر بعد از نیارامد نگار خنیاگر نیا فزائیم جملہ مثمن شود و این دائرہ کا مجتلبہ خوانند مثمن را مجتلبہ زائدہ و مسدس دائرہ مجتلبہ این است اور بعد اسکی جو بحرین کہ رکن سباعی سی مولف ہوئے مجموع اور دو سبب خفیف سے آئی ہین اہل عرب اس مین ایک مصراع تکرار رکن واحد سے تین بار یعنی مسدس لائے ہین اور اہل پارس تکرار رکن واحد سے چار بار یعنی مثمن لائے ہین پس بیت عربی مین مسدس یعنی شش رکنی ہوگی اور پارسی مین مثمن یعنی ہشت رکنی اور اگر ابتدا وتد سے کرین اور ابتدا بو تد بہتر ہے سبب سے بسبب تکمیل وتد کے سبب سے یہہ وزن ہوگا مفاعیلن تین بار تازی مین اور چار بار فارسی مین اور اس بحر کو ہزج کہتے ہین اسواسطے کہ ہزج لغت مین آواز با ترنم ہے بسبب نیکوئی اس بحر کے یہہ نام اسکا رکھا اور اگر ابتدا سبب اول کرین اسواسطے کہ پہلے ابتدا سبب اول سے چاہیے بعد سبب دوم سے یہہ وزن ہوگا مستفعلن تین بار تازی مین اور چار بار فارسی مین اور اس بحر کو رجز کہتے ہین اسواسطے کہ رجز بالتحریک لغت مین اوس شخص کو کہتے ہین کہ پاسے شتر کو لغزش مین لائے پس اس بحر کا نام رجز رکھا بسبب اضطراب اجزا کے بسبب تقارب حرکات کے یا بسبب کوتاہی بیت کے کہ عرب مین بیشتر مشطور مستعمل ہے اور اگر ابتدا سبب دوم سے کرین یہہ وزن ہوگا فاعلاتن تین بار تازی مین اور چار بار فارسی مین اور اس بحر کو رمل کہتے ہین اسواسطے کہ رمل لغت مین شتاب رفتن ہے پس اس بحر کا نام رمل رکھا بسبب روانی کے کہ شتاب اور روان پڑھی جاتی ہے اور بیت اس دائرے کی ہزج مسدس مین یون ہے مصرع مرا دل بی دلارامی نیارامد بروزن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن اور رجز مسدس مین یون ہے مصرع دل بی دلارامی نیارامد مرا بروزن مستفعلن مستفعلن مستفعلن اور رمل مسدس مین یون ہے مصرع بی دلارامی نیارامد مرا دل بروزن فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن اور اگر بعد نیارامد کے نگار تیا زیادہ کرین جملہ اوزان مثمن ہوجاتے ہین اور اس دائرے کو مجتلبہ کہتے ہین اسواسطے کہ اجتلاب لغت مین بمعنی کشیدن ہے اور ارکان اس دائرے کے ارکان بحور دائرہ اول سے کھینچے گئے ہین یہہ مفاعیلن طویل سے اور مستفعلن بسیط سے اور فاعلاتن مدید سے اور دائرہ مثمن کو مجتلبہ زائدہ کہتے ہین اسواسطے کہ ایک رکن اوس مین مسدس سے زیادہ ہے

که صاحب میزان را مقصود در اصل از تالیف این کتاب ثابت کردن غلطی های مصنف علام بود که بهر
موقعی که مطلب بذهن نرسیده غلطی بطرف محقق منسوب کرده چنانکه درین محل و جوابش بر دو صورت
ظاهر و باهر است که نزد صاحب میزان که وضع دائره برای بیان اصل ارکان باشد این محض غلط
و خلاف جمهور است چه بیان اصل ارکان علت غایت برای وضع دائره نزدیک کسی نباشد بلکه
غایت انضمام و انفکاک بحور از یکدیگر است ثانیاً اینکه وضع دائرها خاصه برای اصل ارکان کسی
ننوشته آنچه ممنوع است اینست که اصول و فروع را باهم خلط کنند و تقابل و تساوی بکمیت
حروف چنانکه در اصول مشروط است بهمان طریق در فروع نیز درکار بود و بنا کردن دوائر فروع
درکتب عروض بجهت احتراز از تطویل باشد نه اینکه امری ممنوع نوشته باشد و مصنف نکته نوشته که
هر جا حاجت افتد دائره بنسبت فروع هم ثبت توان کرد و مراد ازان همین است که کسی ممتنع نه
انکارد و چون دوائر فروعات ضروری نباشد ازین جهت مصنف علام هم آنرا ننوشته تم کلامه اب ہم
کہتے ہین کہ دونون صاحب مطلب کتاب کو نہ پہونچے اور تطویل بیفائدہ سوال وجواب مین کیے
محقق علیہ الرحمہ تفصیل اوزان ہزج مین لکھتے ہین کہ اما بپارسی اصلش در دائرہ مفاعیلن ہشت بار
بود دو نوع بود سالم و مکفوف و مکفوف هم دو نوع بود موفور و اخرب و مکفوف موفور را مکفوف تنها
خوانند و بعضی هر نوعی را بحری دیگر شمرده اند اور بیان اوزان رجز مین لکھتے ہین کہ واما بپارسی اصل
این بحر در دائره مستفعلن هشت بار باشد و سه نوع بود سالم و مخبون و مطوی اور بیان اوزان رمل
مین لکھتے ہین کہ اما بپارسی این بحر دو نوع آید سالم و مخبون و بعضی عروضیان هر یک را بحری دیگر
شمرند پس ظاہر ہے کہ جو لوگ ہزج اور رجز اور رمل کو ایک ایک بحر جانتے ہین اونکے نزدیک
دائرہ ہاے ارکان سالم کافی ہین اور جو لوگ ہر قسم کو انہین سے بحر علاحدہ قرار دیتے ہین
اونکے نزدیک دائرہ ارکان سالم اور دائرہ ارکان مزاحف دونون درکار ہین اسواسطے کہ یہہ
ارکان مزاحفہ اونکے نزدیک بجاے اصل ارکان ہین کہ بحر علاحدہ قرار دیتے ہین اور سوا اسکے
رسالہ ہاے عروض مین دوائر ارکان مزاحفہ بھی موجود ہین هم دائرہ تکرار رکن سباعی لیتے کہ
از وتد مفروق بود هیچ بحر مستعمل نیست و اما از فواصل سباعی بکیفیتیکه آن رکنی بود که مولف از
دو سبب خفیف بود و وتدی مجموع و رکنی که مولف بود از دو سبب خفیف و وتدی مفروق [illegible]

اور بیت بر وزن رجز اسطرح ہے بیت کس نہ ہد دادم اکس نکند شادم ا؛ تقطیع یہہ ہے
کس نہ ہد مفتعلن دادم ا مفتعلن کس نکند مفتعلن شادم ا مفتعلن اور بیت بر وزن رمل اسطرح ہے
بیت نہ ہد دادم اکس نکند شادم اکس؛ تقطیع یہہ ہے نہ ہد دا فعلاتن دم اکس فعلاتن
نکند شا فعلاتن دم اکس فعلاتن اور ان بحرونکو ہزج مکفوف کہا اسواسطے کہ مفاعیلن مین
ساتوان حرف گرا ہے اور رجز مطوی اسواسطے کہ عیلن مفا مین کہ بر وزن مستفعلن ہے
چوتھا حرف دونون سببون سے گرا ہے اور رمل مخبون اسواسطے کہ لن مفاعی مین کہ بر
بر وزن فاعلاتن ہے دوسرا حرف گرا ہے کہتے ہین اور دائرہ انکا موافق دائرہ گذشتہ کے
لکھتے ہین اور اس دائرے کو دائرہ مجتلبہ زائدہ مزاحفہ کہتے ہین وجہ تسمیہ مجتلبہ اور زائدہ کی
سابق بیان ہوئی اور مزاحفہ اس جہت سے کہ رکن اس مین مزاحف ہین اور بعضون نے
اور بھی اسکا لقب کیا ہے چنانچہ سیفی نے اپنے رسالے مین اسکو متلفہ لکھا ہے ح قولہ بحذف ساکن سبب دوم مختفی نماند
کہ بحذف ساکن سبب دوم یعنی بکفت در مفاعیلن مفاعیل بضم لام و در مستفعلن یعنی بطی مستعلن میماند
کہ منتقل بمفتعلن میشود واین کلام صحیح و مطابق ہست اما در فاعلاتن از حذف ساکن سبب دوم
فاعلات بضم تا میماند نہ فعلاتن مخبون چنانکہ مصنف آوردہ کما ہو فی جمیع النسخ الحاضرۃ المعتبرۃ
ویطابقہ المثال الممثل لہ ایضاً زیرا کہ در فعلاتن ساکن سبب اول حذف شدہ ہست وجواب این
آنست کہ مراد مصنف علام از ثانویت سبب درین ترکیب فاعلاتن نیست بل در ترکیب مفاعیلن
کہ آنرا اصل قرار دادہ در بحر رمل را بہ بدایت از سبب اول و ثانی ازان منفک ساختہ و شک نیست
کہ چون بدایت از سبب ثانی مفاعیلن کنند فاعلاتن می شود و بحذف ساکنش فعلاتن تم کلامہ
الحمد للہ کہ صاحب حاشیہ اگر پہلے اس جگہہ راہ کجی چلا مگر آخر راہ راست اختیار کی کہ سوا اسکے
بیچارہ نے لکھا دوسرا حاشیہ یہہ ہے ح قولہ مجتلبہ زائدہ مزاحفہ اما وجہ تسمیہ مجتلبہ در ما قبل گذشت
و زائدہ ازین جہت کہ یک رکن زائد دارد و مزاحفہ ازین جہت کہ کف وطی و خبن دران از زحافات
واقع شدہ اما مخفی نماند کہ وضع دائرہ برای بیان اصل ارکان باشد و لہذا ارکان بحور را کہ
غیر از مزاحف مستعمل نمیشود نیز سالم آرند پس دائرہ مزاحفہ نشاید و الا دوائر فروعات دیگر را نیز بیان
باید کرد تم کلامہ صاحب شرح نے جواب اسکا اپنی کتاب مین یہہ لکھا ہے مخفی پوشیدہ نیست

رکن کنند تا این وزن باشد فاعلاتن فاعلاتن مس تفع لن و این بحر مستعمل نیست ۔ اور دوسری صورت
یہہ ہے کہ ابتدا کرین سبب دوم اوسی رکن سے کہ یہہ وزن ہو فاعلاتن فاعلاتن مس تفع لن اور یہہ
بحر مستعمل نہین ہے بعض اس بحر کو جدید کہتے ہین اور غریب بھی کہا ہے اور اوسکو بزرجمہر نے
ایجاد کیا ہے جدید جو چیز کہ نئی پیدا ہوئی ہو اور نام بحر عروض کا کہ یہہ بحر نئی پیدا ہوئی ہی بحور
نوزدہ گانہ مین کذا فی الغیاث ھ ج آنکہ ابتدا بوتد ہمان رکن کنند تا این وزن باشد مفاعیلن
مفاعیلن فاع لاتن و این بحر تازی مستعمل نیست و بپارسی آنرا قریب خوانند ۔ تیسری صورت
یہہ ہے کہ ابتدا وتد سے اوسی رکن کی کرین کہ یہہ وزن ہو مفاعیلن مفاعیلن فاع لاتن اور یہہ بحر
تازی مین مستعمل نہین ہے اور فارسی مین اوسکو قریب کہتے ہین اسواسطے کہ ارکان مین ہزج
اور مضارع سے قربت رکھتی ہے یا یہہ کہ زمانہ قریب تر مین پیدا ہوئی ہے کہ یوسف عروضی
نیشاپوری نے اوسکو نکالا ہے قریب ایک بحر ہے بحور نوزدہ گانہ سے کذا فی الغیاث ھ
م آنکہ ابتدا بدو سبب رکن دوم مجموعی کنند تا این وزن باشد مستفعلن مفعولات مستفعلن و این بحر را منسرح خوانند
۔ چوتھی صورت یہہ ہے کہ ابتدا دو سبب رکن دوم مجموعی سے کرین کہ یہہ وزن ہو مستفعلن
مفعولات مستفعلن اور اس بحر کو منسرح کہتے ہین اسواسطے کہ بسہولت اور روانی پڑھی جاتی ہے
منسرح بضم میم و سکون نون و فتح سین مہملہ و کسر راء مہملہ و حاء حطی مہملہ آسان و روان کردہ شدہ
اور نام ایک بحر کا چونکہ اسباب اس بحر مین مقدم ہین و وتد پیچھے ہونے سے آسانی زبان پر آتی ہے اور
بعضون نے لکھا ہے کہ انسراح بمعنی از جامہ بیرون آمدن ہے اور یہہ بحر نقصان زحافات
مین یہان تک پہنچی ہے کہ بمقدار دو رکن کے رہجاتی ہے لہذا بسبب اس اختصار کے منسرح
نام رکھا کذا فی الغیاث ھ ۵ آنکہ ابتدا بسبب دوم ہمین رکن کنند تا این وزن باشد فاعلاتن
مس تفع لن فاعلاتن و این بحر را خفیف خوانند ۔ پانچوین یہہ صورت ہے کہ ابتدا
سبب دوم اسی رکن سے کرین کہ یہہ وزن ہو فاعلاتن مس تفع لن فاعلاتن اور اس بحر کو
خفیف کہتے ہین بسبب اسکے کہ اخف سباعیات ہے بسبب اتصال اسباب کے ساتھ
اوتاد کے طرفین سے خفیف سبک اور نام ایک بحر کا بحرہاے عروض سے کذا فی المنتخب
ھ و آنکہ ابتدا بوتد این رکن کنند تا این وزن باشد مفاعیلن فاع لاتن مفاعیلن و این بحر را

مسدس یکبار دارند یعنی مصرع از رکن مجموعی دو بار و رکن مفروقی یکبار و چون در دائرہ نہند ابتدا از نہ وضع
ممکن بود چہ این سہ رکن مولف از نہ جزو باشد اول آنکہ ابتدا بدو سبب رکن مجموعی رکن اول کنند
تا این وزن باشد مستفعلن مستفعلن مفعولات و این بحر را سریع خوانند ت اور تکرار رکن سباعی
تنہا سے کہ اوس مین وتد مفروق ہو جیسے لات مفعولات مین اور فاع فاع لاتن مین اور تفع
مس تفع لن مین کوئی بحر مستعمل نہین ہے یعنے کوئی بحر نہین نکلی ہے و اما آمیزش سباعی سے
با یکدیگر بحرین نکلی ہین مگر اون سباعیات مین کوئی رکن مولف ہوتا ہے دو سبب خفیف اور
وتد مجموع سے خواہ دونون سبب مقدم ہون جیسے مستفعلن مین خواہ موخر ہون جیسے مفاعیلن مین
خواہ درمیان دونون سببون کے وتد ہو جیسے فاعلاتن مین اور کوئی رکن مولف ہوتا ہے دو سبب خفیف
اور وتد مفروق سے مثل مفعولات اور فاع لاتن کے اور اہل عرب اوسکو مسدس مستعمل کرتی ہین
ایک مصرع رکن مجموعی سے دو بار اور رکن مفروقی سے ایکبار مثل مستفعلن مستفعلن مفعولات کے اور جب
دائرے مین لکھتے ہین ابتدا نو جگہہ سے ممکن ہوتی ہے کسواسطے کہ یہہ تین رکن مولف نو جزو سے
ہین یعنے ایک ایک مین تین تین جزو ہین پہلی صورت یہہ ہے کہ ابتدا ساتھہ دو سبب رکن مجموعی
رکن اول کی کرین کہ یہہ وزن ہو مستفعلن مستفعلن مفعولات اور اوسکو بحر سریع کہتے ہین معلوم کیا چاہیے
کہ ابتدا وتد سے بہتر تھی جیسا کہ اور دائرہ مین کیا ہے پس مضارع کو مقدم کرنا تھا کہ مضارع
کی ابتدا مین وتد ہے مگر وجہ اسکی یہہ ہے کہ رکن اول مضارع کا سالم مستعمل نہین ہوا ہے
پس وتد مجموع گویا اوس مین نہین ہے اور خلیل ابن احمد سے جو لوگون نے پوچھا اوسنے
یہہ جواب دیا کہ وتد مفروق اوسکا صدر سے نزدیک ہے اور وتد مفروق اول بیت کو ضعیف
کرتا ہے پس تقدیم سریع کی سب پر اسواسطے ہے کہ وتد مفروق اوسکا صدر سے دور تر ہے
اور چونکہ بنا سریع کی دو سبب اور ایک وتد مفروق پر ہے اور منسرح اسمین اوسکے موافق ہے
لہذا بعد سریع کے منسرح کو بیان کیا اور خفیف کو مضارع پر اور مضارع کو مقتضب پر اور مقتضب کو
مجتث پر اسواسطے مقدم کیا کہ وتد مفروق ہر ایک مین صدر سے دور تر ہے بہ نسبت دوسری
کے سریع شتاب کنندہ اور جلد اور نام ایک بحر کا عروض سے اور اس بحر مین اسباب زیادہ
ہین اوتاد سے لہذا بسرعت پڑھی جاتی ہے کذا فی الغیاث ھم ب آنکہ ابتدا بسبب دوم ہمان

بروزن سریع چنین بود ع بادہ بمن دہ تو بتا ہم یکبار ٭ و بروزن قریب ع بمن دہ تو
بتا ہم یکبار بادہ ٭ و بروزن منسرح ع دہ تو بتا ہم یکبار بادہ بمن ٭ و بروزن خفیف ع تو
بتا ہم یکبار بادہ بمن دہ ٭ و بروزن مضارع ع بتا ہم یکبار بادہ بمن دہ تو ٭ و بروزن مقتضب ع ہم
ہم یکبار بادہ بمن دہ تو بتا و بروزن مجتث ع یکبار بادہ بمن دہ تو بتا ہم ٭ این دائرہ را ہم
دائرہ مشتبہ خوانند و صورتش اینست ٭ پس بحرین مستعمل زبان عربی اور فارسی مین اس
دائرے سے سات ہین اور دو نامستعمل اور بیت اس دائرے کی وزن سریع مین یون ہے
جو مرقوم متن ہے تقطیع اوسکی یہہ ہے بادہ بمن مستفعلن دہ تب بتا مستفعلن ہم یکبا
مفعولات بجاے ہا اور واو حرف با کا لکھنا وجہ اسکی یہہ معلوم ہوتی ہے کہ لہجہ اہل پارس کا
تلفظ مین یون ہی ہے اور وزن قریب مین یون ہے جو مرقوم متن ہے تقطیع اوسکی یہہ ہے
بمن دہ تب مفاعیلن بتا ہم یک مفاعیلن بار بادہ فاع لاتن وجہ منفصل ہونی فاع لاتن کی
ظاہر ہے اور وزن منسرح مین یون ہے جو مرقوم متن ہے تقطیع اوسکی یہہ ہے دہ تب بتا
مستفعلن ہم یکبار مفعولات بادب بمن مستفعلن اور وزن خفیف مین یون ہے جو مرقوم متن
ہے تقطیع اوسکی یہہ ہے تب بتا ہم فاعلاتن یکبار باس تفع لن دب بمن دہ فاعلاتن اور
وزن مضارع مین یون ہے جو مرقوم متن ہے تقطیع اوسکی یہہ ہے بتا ہم یک مفاعیلن بار
بادب فاعلاتن بمن دہ تو مفاعیلن یہان صاحب میزان نے یہہ حاشیہ لکھا ہے ع تو بتا ہم
تقطیعہ بتا ہم یک مفاعیلن بار بادب فاع لاتن بمن دہ تو مفاعیلن و شما کرون واو تو را بیجا
حرفی از بہر ضرورت قافیہ ست تم کلامہ پس مصرع ثانی کہان سے ہے جسکے سبب ضرورت قافیہ
ہوتی اور واو کو بجاے حرف کہان شمار نہین کیا کہ اوسکے مقام پہ ہر جگہہ بے آئے سبب
ادغام کے موافق لہجہ اہل فارس کے مگر یہہ کہا جاے کہ لفظ تو اس مصرع مین آخر واقع ہوا
اور لفظ بتا اول پس واو بے سے کیونکر بدلتا اسیطرح وزن قریب مین بادہ آخر واقع ہوا
اور لفظ بمن اول پس وہ ہے سے بے سے نہ بدلے آدھم بر سر مطلب اور وزن مقتضب مین
یون ہے جو مرقوم متن ہے تقطیع اوسکی یہہ ہے ہم یکبار مفعولات بادب بمن مستفعلن دہ
تب بتا مستفعلن اور وزن مجتث مین یون ہے جو مرقوم متن ہے تقطیع اوسکی یہہ ہے یکبا

مضارع خوانند ت چھٹی یہہ صورت ہے کہ ابتدا اس رکن دوم کی وتد سے کرین کہ یہہ
وزن ہو مفاعیلن فاع لاتن مفاعیلن فاع لاتن اور اس بحر کو مضارع کہتے ہین بسبب مشابہت کے
بحر منسرح سے کہ دوسرے جزو مین ان دونون کی وتد مفروق ہے مضارع بضم میم و کسر را
مہملہ شریک و مشابہ منتخب ہو اور مضارعت بمعنی مشابہت اور مضارع نام ایک بحر کا ہے بحر و عروض
اور اس بحر کا اسواسطے مضارع نام رکھا کہ مشابہ ہے منسرح سے کہ دونون مین اوتاد مقدم
ہین اسباب پر کذا فی الغیاث ۱۲ منہ ز آنکہ ابتدا بدو سبب رکن مفروق کنند و برین وزن بود مفعولات
مستفعلن مستفعلن و این را مقتضب خوانند و بپارسی مستعمل نیست ت ساتوین صورت
یہہ ہے کہ ابتدا دو سبب رکن مفروق سے کرین کہ یہہ وزن ہو مفعولات مستفعلن مستفعلن اور
اس بحر کو مقتضب کہتے ہین بسبب بریدہ ہونے کے بحر منسرح سے کہ رکن دونون کے
ایک ہین فقط فرق ترتیب مین ہے اور یہہ بحر فارسی مین مستعمل نہین ہے مقتضب بضم میم
و فتح ضاد معجمہ بریدہ شدہ اور نام ایک بحر کا منسرح سے بریدہ ہوئی ہے ارکان دونون کے
ایک ہین اختلاف فقط ترتیب مین ہے کذا فی الغیاث ۱۲ منہ ح آنکہ ابتدا سبب دوم ہمین رکن
کنند و برین وزن باشد مس تفع لن فاعلاتن فاعلاتن و این بحر را مجتث خوانند ت آٹھوین
صورت یہہ ہے کہ ابتدا سبب دوم اسی رکن سے کرین کہ یہہ وزن ہو مس تفع لن فاعلاتن فاعلاتن
اور اس بحر کو مجتث کہتے ہین کہ بحر خفیف سے برکندہ ہوئی ہے مجتث بضم میم و سکون جیم و فتح
تای فوقانی و ثای مثلثہ بمعنی از بیخ برکندہ شدہ اور نام ایک بحر کا بحور نوزدہ گانہ سے
اور اس بحر کو بحر خفیف سے برکندہ کہا ہے کسواسطے کہ ان دونون بحرون کے ارکان مین یہی
اختلاف ہے کہ اس بحر مین مستفعلن مقدم ہے دو فاعلاتن پر اور خفیف مین درمیان کذا فی
الغیاث ۱۲ منہ ط آنکہ ابتدا بوتد مفروق کنند کہ این وزن شود فاع لاتن مفاعیلن مفاعیلن و این بحر
نامستعمل است ت نوین صورت یہہ ہے کہ ابتدا وتد مفروق سے اس رکن کی کرین
کہ یہہ وزن ہو فاع لاتن مفاعیلن مفاعیلن اور یہہ بحر بھی نامستعمل ہے اور بعضے اس بحر کو مشاکل کہتے
ہین مشاکل بضم میم و کسر کاف مانند و ہمشکل شوندہ اور نام ایک بحر کا ہے بحور عروض سے
منتخب و غیاث ۱۲ منہ پس بحور مستعمل در ہر دو لغت ازین دائرہ ہفت است و ہیبت دائرہ

صورت دونون دائرون کی عبارت مین منضبط کردی اور دائرہ مزاحفہ بخیال التطویل نہین لکھا ہم سریع مین ہو مستفعلن مستفعلن
فاعلات ع بادہ بمن دہ تو بتا ہم سہ بار و قریب مفاعیلن مفاعیل فاعلات ع بمن دہ تو بتا ہم سہ بار بادہ ٭ و منسرح مستفعلن
فاعلات مستفعلن ع دہ تو بتا ہم سہ بار بادہ بمن ٭ و خفیف فعلاتن مفاعلن فعلاتن ع تو
بتا ہم سہ بار بادہ بمن دہ ٭ و مضارع مفاعیل فاعلات مفاعیل ع بتا ہم سہ بار بادہ بمن دہ تو
و مقتضب فاعلات مستفعلن مستفعلن ع ہم سہ بار بادہ بمن دہ تو بتا ٭ و مجتث مفاعلن فعلاتن فعلاتن
ع سہ بار بادہ بمن دہ تو بتا ہم ٭ با ہای ہمن و بتا در دائرہ اول مشدد باید گفت و اینجا مخفف
ست اور وزن سریع مصرع اور مثال جو مرقومہ متن ہے تقطیع اوسکی یہہ ہے بادہ بمن مستفعلن
دہ ہست بتا مستفعلن ہمس بار فاعلات اور وزن قریب اور مصرع مثال جو مرقومہ متن ہے تقطیع
اوسکی یہہ ہے بمن دہ ہست مفاعیل تبا ہمس مفاعیل بار باد فاعلات اور وزن منسرح اور مصرع
مثال جو مرقومہ متن ہے تقطیع اوسکی یہہ ہے دہ ہست بتا مستفعلن ہمس بار فاعلات بادہ بمن
مستفعلن اور وزن خفیف اور مصرع مثال جو مرقومہ متن ہے تقطیع اوسکی یہہ ہے بتا ہم فعلاتن
سہ بار بامفاعلن دہ بمن دہ فعلاتن اور وزن مضارع اور مصرع مثال جو مرقومہ متن ہے تقطیع
اوسکی یہہ ہے بتا ہمس مفاعیل با ربا دفاعلات بمن دہ ہست مفاعیل اور وزن مقتضب اور
مصرع مثال جو مرقومہ متن ہے تقطیع اوسکی یہہ ہے ہمس بار فاعلات بادہ بمن مستفعلن دہ ہست بتا
مستفعلن اور وزن مجتث اور مصرع مثال جو مرقومہ متن ہے تقطیع اوسکی یہہ ہے سہ بار با مفاعلن
دہ بمن دہ فعلاتن تبتا ہم فعلاتن پس حرف با جو بمن اور بتا مین ہے دائرہ اول مین مشدد
کہنا چاہیے بسبب مطابقت لہجہ عجم کے اور اس جگہہ یعنے دائرہ مشتبہہ مزاحفہ مین مخفف بسبب
اسکے کہ حرف سابق ملفوظ نہین ہے مفصل یہہ کہ جب بادہ بمن اور تو بتا بر وزن مستفعلن اور
فاعلن ہونگے حرف ہا اور واو کہ اکثر مقامون مین تلفظ مین نہین آتے اس جگہہ تلفظ مین نہین آوینگے
موافق لہجہ اہل عجم کے دال بادہ کے اور تے تو کی بے سے ملجاوے گی اور بے مشدد ہو جاوے گی
اور بائے اول بمقام ہی اور واو کے ہوگی اور تقطیع مین نے مکرر لکھی جاوے گی جیسے دائرہ
مشتبہہ سالمہ مین اور ہر گاہ یہہ حرف ہا اور واو تلفظ مین نہ آوینگے اور تقطیع سے گر جاوینگے
تشدید کہان سے ہوگی جیسے دائرہ مشتبہہ مزاحفہ مین ہم و نیز باید سہ بار ان بعضی ازین بحر با شمس

باسس تفع لن دب ہمن دہ فاعلاتن تب جتا ہم فاعلاتن اوراس دائرے کو دائرہ مشتبہہ بھی کہتے ہین اور دائرہ وتدیبی اور وجہ اشتباہ اسمین یہہ ہے کہ مستفعلن اور فاعلاتن دونون متصل اور منفصل واقع ہوئے ہین پس دونون مین شبہہ پڑتا ہے اور سہروردی نے کہا ہے کہ بحرین اسکی مشتبہہ ہین اور صورت دائرے کی یہہ ہے

سریع مستفعلن مستفعلن مفعولات ۲ بار

قریب مفاعیلن مفاعیلن فاع لاتن ۲ بار

منسرح مستفعلن مفعولات مستفعلن ۲ بار

دائرہ مشتبہہ

ہم وبزبان پارسی این بحرہا سالم بکار ندارند یعنی ارکان ہمچنین بسلامت ولیکن بحذف ساکن سبب دوم از ہمہ ارکان بکار دارند و دائرہ را کہ بدین وضع نہند مشتبہ مزاحفہ خوانند وسریع ومنسرح ومقتضب را بمطوی مقید کنند وقریب ومضارع را بمکفوف وخفیف ومجتث را بمخبون ست اور زبان فارسی مین ان بحرون کو سالم مستعمل نہین کرتے ہین یعنی ارکان سالم نہین لاتے مگر ساکن سبب دوم سب ارکان سے حذف کرکے استعمال کرتے ہین اور اس دائرہ ارکان مزاحفہ کو مشتبہہ مزاحفہ کہتے ہین اور سریع اور منسرح اور مقتضب کو مطوی مقید کرتے ہین یعنی مستفعلن اور مفعولات طے سے مفتعلن اور فاعلات ہوجاتے ہین بعینہ اور قریب اور مضارع کو مکفوف مقید کرتے ہین یعنی مفاعیلن اور فاع لاتن کہ بروزن علن مستفع اور لات مفعو ہین کف سے مفاعیل اور فاعلات ہوجاتے ہین بعد تبدیل اور خفیف اور مجتث کو بہ مخبون مقید کرتے ہین یعنی فاعلاتن اور مس تفع لن کہ بروزن تفعلن مس اور عولات مف ہین خبن سے فعلاتن اور مفاعلن ہوجاتے ہین بعد تبدیل اور ضرورت دائرہ مشتبہہ مزاحفہ کی اس جہت سے ہوئی کہ فارسی مین یہہ بحرین بارکان سالم مستعمل نہین ہوتین مگر مزاحف پس جسطرح دائرہ اصول ارکان سے عربی مین صورت انضمام اور انفکاک اوزان ممکن اور مقصود ہے اوسی طرح دائرہ مزاحفہ سے فارسی مین لہذا مصنف علیہ الرحمہ نے

بوصل زن مفاعلن ہمرا یا فعلاتن زرا می خو مفاعلن بنگار فعلاتن تقطیع مصرع وزن مہمل یعنو مشاکل
یہہ ہے راسے خوب فاعلات نگار اب مفاعیل وصل زنت فاعلات ہمرا باز مفاعیل اور ان
چہہ بحرون مین تین بحرین مستعمل ہین منسرح اور مضارع اور مجتث اور خفیف مثمن کم آئی ہے اور
مقتضب فارسی مین مستعمل نہین ہے اور مہمل فارسی اور تازی مین متروک ہے اور اس دائرہ
کو مشتبہہ ابدہ کہتے ہین اور بعضون نے القاب دائرون کے اور طرح پر لکھے ہین یعنو دائرہ
اور دائرہ منتزعہ کہا ہے اور مصنف علیہ الرحمہ نے دونون دائرے یعنے مشتبہہ مزاحفہ مسدسہ
اور مزاحفہ مثمنہ واسطے تخفیف کے نہین لکھے هم دباشد کہ بعضے دائرہ بنہند جہت بحرہاے
کہ مسدس و مزاحف آمدہ باشد مانند سریع و قریب و خفیف و بحر مقتضب ہم دران دائرہ آورندہ
بدل دائرہ مشتبہہ سالمہ این دائرہ آورندت اور بعضے عروضی ادائرہ بحور مسدس اور مزاحف
کا لائے ہین مانند سریع اور قریب اور خفیف کے اور بحر مقتضب بھی اوس مین شریک کیا ہے
اور بعوض دائرہ مشتبہہ سالمہ کے یہہ دائرہ مزاحفہ لکھا ہے اور صورت دائرہ مسدس مزاحف
کی یہہ ہے کہ مثلاً سریع مسدس یہہ ہے مفتعلن مفتعلن فاعلات پس اگر عین مفتعلن اول سے آغاز
کیجیے رکن قریب کے نکلین مفاعیل مفاعیل فاعلات اور اگر تا مفتعلن ثانی سے شروع کیجیے
رکن خفیف کے نکلین فعلاتن مفاعلن فعلاتن اور اگر فاعلات سے ابتدا کیجیے رکن مقتضب کے
نکلین فاعلات مفتعلن مفتعلن هم واما در خماسیات بسیطہ یک مصراع از تکرار یک رکن بود چہار بار
دو بحر ازان ممکن بود کہ بر خیزد یکے آنکہ ابتدا بوتد کنند و برین وزن بود فعولن چہار بار و این بحر را
متقارب خوانند دوم ابتدا بسبب کنند و برین وزن بود فاعلن چہار بار و این بحر مستعمل نیست و
خلیل آنرا غریب و بعضی متسق نام نہادہ است و اندکے شعر تازی بران بحر بعد از خلیل یافتہ
ندو پارسیان ہم بیتی چند بتکلف گفتہ اندت واما خماسیات بسیطہ یعنی تنہا خماسیات
نہین ایک مصرع ایک رکن کی تکرار سے ہوتا ہے چار بار اور دو بحر ونکا پیدا ہونا اوس سے
ممکن ہے ایک یہہ کہ ابتدا بوتد کرین و یہہ وزن ہوگا فعولن چار بار اور اس بحر کو متقارب
کہتے ہین اسواسطے کہ اسباب اور اوتاد اسکے قریب واقع ہوئے ہین ہر وتد سے ملا ہوا ایک
سبب ہے یا درمیان دو سببوں کے ایک وتد ہے اور درمیان دو وتدونکے ایک سبب ہے

بکار دارند و یک مصراع از رکنی مجموعی و رکنی مفروقی باشد دو بار و بحرہای ممکن تا شش اند و سہ بحر
اول کہ رکن مکرر در اوایل مصراعہا افتد و آن سریع است و مہمل اول و قریب نیفتند و شش بحر است
اور اہل فارس بعض ان بحرون سے مثمن استعمال کرتے ہین اور ایک مصرع رکن مجموعی اور رکن
مفروقی سے ہوتا ہے دو بار اور وہ چھہ بحرین ممکن ہین اور تین بحرین پہلی کہ رکن مکرر اونمین
اوایل مصرعون مین پڑا ہے ساقط ہوجائینگے کسواسطے کہ مثمن تکرار نہین ہوتی اون مین
سریع ہے کہ وزن اوسکا مستفعلن مستفعلن مفعولات ہے اور مطوی مفتعلن مفتعلن فاعلات ہے
اور مہمل اول ہے یعنی جدید کہ وزن اوسکا فاعلاتن فاعلاتن مس تفع لن اور مخبون فعلاتن
فعلاتن مفاعلن ہے اور قریب ہے کہ وزن اوسکا مفاعیلن مفاعیلن فاع لاتن ہے اور
مکفوف مفاعیل مفاعیل فاعلات ہے پس جب تین بحرین ساقط ہوین باقی رہین چھہ ہم
برینگونہ وزن منسرح مفتعلن فاعلات دو بار مصرع زن تو مرا باز رای خوب نگارا بوصل * وزن
خفیف فعلاتن مفاعلن دو بار مصرع تو مرا باز رای خوب نگارا بوصل زن * وزن مضارع
مفاعیل فاعلات دو بار مصرع مرا باز رای خوب نگارا بوصل زن تو * وزن مقتضب فاعلات
مفتعلن دو بار مصرع باز رای خوب نگارا بوصل زن تو مرا * وزن مجتث مفاعلن فعلاتن دو بار
مصرع بوصل زن تو مرا باز رای خوب نگارا * وزن مہمل فاعلات مفاعیل دو بار مصرع رای
خوب نگارا بوصل زن تو تو مرا باز * وازین شش سہ مستعمل باشد و آن منسرح و مضارع و مجتث
است و خفیف مثمن بسیار نیامدہ است و مقتضب در پارسی نیامدہ است و این دائرہ را مشتبہہ نامند
خوانند و بعضی القاب دائرہا بشکل دیگر کنند و ما این دو دائرہ نیاوردیم تخفیف را ست دہ بحرین
مثمن جو بعد اسقاط بحور ثلثہ کے رہگئین یہہ ہین منسرح خفیف مضارع مقتضب مجتث وزن
مہمل جسکو مشاکل کہتے ہین اوزان اور مصاریع مثال انکی مرقومہ متن ہین اور تقطیعات لکھی
جاتی ہین تقطیع مصرع منسرح زنت مرا مفتعلن باز رای فاعلات خوب نگا مفتعلن را بوصل فاعلات
تقطیع مصرع خفیف تو مرا با فعلاتن ز رای خو مفاعلن ب نگارا فعلاتن بوصل زن مفاعلن تقطیع مصرع
مضارع مرا باز مفاعیل رای خوب فاعلات نگار اب مفاعیل وصل زنت فاعلات تقطیع مصرع
مقتضب باز رای فاعلات خوب نگا مفتعلن را بوصل فاعلات زن تمرا مفتعلن تقطیع مصرع مجتث

دوائر ممکن است کہ بحر غیر ازین نیست و دو است مستعمل نزدیک عرب ازین جملہ پانزدہ آ طویل
ب مدید ج بسیط د وافر ہ کامل و ہزج ز رجز ح رمل ط سریع ی منسرح یا خفیف یب
مضارع یج مقتضب ید مجتث یہ متقارب و شانزدہم غریب و باقی مہمل است و نزدیک عجم
دہ است ا ہزج ب رجز ج رمل د سریع ہ قریب و منسرح ز خفیف ح مضارع ط مجتث ی متقارب
و بعضی مزاحفات بر شمار گیرند و از دوائر مشتبہہ ہمہ بحور مستعمل در شمار آورند و بحر ہا زیادہ گردد
این ست تفصیل دوائر بحور ست پس دائرے نزدیک عرب کے پانچ ہین پہلا مختلفہ دوسرا
موتلفہ تیسرا مجتلبہ چوتھا مشتبہہ پانچوان متفقہ اور نزدیک عجم کے بھی پانچ ہین پہلا مجتلبہ سالمہ
دوسرا مزاحفہ تیسرا مشتبہہ مثمنہ چوتھا مشتبہہ مسدسہ پانچوان متفقہ اور بحرین کہ جنکا پیدا ہونا ان
دائرون سے ممکن ہے بائیس ہین پانچ مختلفہ سے یعنے طویل مدید عریض بسیط عمیق اور تین
موتلفہ سے وافر کامل مہمل جسکا وزن فاعلاتک لکھا ہے اور تین مجتلبہ سے ہزج رجز رمل اور نو
مشتبہہ سے سریع جدید قریب منسرح خفیف مضارع مقتضب مجتث مشاکل اور دو متفقہ سے
متقارب متدارک اور انمین مستعمل عرب پندرہ بحرین ہین پہلی طویل دوسری مدید تیسری بسیط
چوتھی وافر پانچوین کامل چھٹی ہزج ساتوین رجز آٹھوین رمل نوین سریع دسوین منسرح
گیارہوین خفیف بارہوین مضارع تیرہوین مقتضب چودہوین مجتث پندرہوین متقارب
یہہ پندرہ ہوئین اور سولہوین غریب یعنے متدارک بھی کچھ استعمال مین آگئی ہے اس
حساب سے سولہ ہوئین باقی مہمل ہین وہ عریض اور عمیق اور مہمل اور جدید اور قریب
اور مشاکل آور نزدیک عجم کے دس ہین پہلی ہزج دوسری رجز تیسری رمل چوتھی سریع پانچوین
قریب چھٹی منسرح ساتوین خفیف آٹھوین مضارع نوین مجتث دسوین متقارب پس بحرین
طویل اور مدید اور بسیط اور وافر اور کامل اور متدارک پارسی مین مستعمل نہین جو کچھ کہا ہے
انمین بتشبہ عرب کہا ہے اور بعضون نے مزاحفات کو شمار مین زیادہ کیا ہے اور دونون
دائرون مشتبہہ سے سب بحور مستعمل کو شمار مین لائے ہین یعنے مشتبہہ مزاحفہ مسدسہ سے
چھہ بحرین مستعملہ سریع منسرح مطوی اور قریب اور مضارع مکفوف اور خفیف اور مجتث مخبون
اور مزاحفہ مثمنہ سے چار بحرین مستعملہ منسرح مضارع مجتث خفیف اس صورت مین از روے

اور متدارک کا بھی نام متدارک اسی جہت سے ہوا ہے کہ اسباب نے اوتاد کو دریافت کیا ہے یعنے
دریافت یکدیگر ہین اور دوسری صورت یہہ ہے کہ ابتدا اسباب سے کرین وہ یہہ وزن ہوگا
فاعلن چار بار اور یہہ بحر مستعمل نہین ہے اور خلیل نے اسکا نام غریب اور رکض اور تنسق
رکھا ہے اور بعضون نے متدارک اور محدث اور مخترع اور متدانی اور شقیق اور جنیب اور منتظم
اور متقاطر بھی اس بحر کو کہا ہے اور چند شعر عربی اس مین بعد خلیل کے دست یاب ہوئے
ہین اور اہل فارس نے بھی چند بیتین اس مین بہ تکلف کہی ہین معلوم ہوتا ہے کہ خلیل نے
رکن اس بحر کے نکالے اور نام بھی رکھا مگر اشعار اس بحر مین نہین پائے بعد اوسکے اخفش نے
خواہ اوروں نے شعر اس بحر مین پائے اور یہہ بحر مقرر اور مستعمل کی ہم وچون در دائرہ نہست
بیتش بر وزن متقارب چنین باشد ع مرا سلے دلا رام شادی نیاید ٭ و بر وزن غریب چنین
ع سنے دلارام شادی نیاید مرا ٭ این دائرہ را متفقہ خوانند و برین صورت باشد اور جب
دائرے سے ہم نکالتے ہین وزن متقارب یہہ ہوتا ہے مصرع جو مرقوم متن ہے تقطیع اوسکی
یہہ ہے مراسلے فعولن دلارا فعولن مشادی فعولن نیاید فعولن اور وزن غریب یعنی متدارک
یہہ ہوتا ہے مصرع جو مرقوم متن ہے تقطیع اوسکی یہہ ہے سنلے دلا فاعلن رام شا فاعلن
دی نیا فاعلن ید مرا فاعلن اور اس دائرے کو متفقہ کہتے ہین بسبب اتفاق ارکان کے
اور صورت اوسکی یہہ ہے

ہم مین اور بزرگ عرب پنج است اختلف ب موتلف ج مجتلبہ د مشتبہ ہ متفقہ و نزدیکیا
عجم ہم پنج باشد ا مجتلبہ سالمہ ب منزاحفہ ج مشتبہ مثمنہ د مشتبہ مسدسہ ہ متفقہ و بحور کہ از ین

ہین کہ اول مصرع مین ہو اور جزو اول اوسکا وتد مجموع ہو اور متحرک اول اوسکا خرم سے ساقط
ہو جیسے فعولن اور مفاعیلن و مفاعلتن سے متحرک اول گر کے فعلن اور مفعولن اور مفتعلن
رہجاتا ہے پس یہہ اگر صدر مین ہوگا ابتدا بصدر کہین گے اور اگر ابتدا مین ہوگا ابتدا بہ ابتدا
کہین گے اور اگر حشو مین ہوگا ابتدا بحشو کہین گے اور عروض اور ضرب مین نہین ہوتا اور
جو رکن برابر اور مقابل اس رکن کے ہو کہ سبب خفیف اوس مین مجاور وتد ہو یعنے پہلے
وتد بعد سبب جیسے فعولن اور ساکن سبب کو گرا دین جیسے فعولن سے فعول رہجاے
اس اسقاط کو اعتماد کہتے ہین اور صاحب خزرجیہ وغیرہ نے کہا ہے کہ اس رکن حشوی کو
جس مین یہہ حذف واقع ہوا ہے اعتماد کہتے ہین حاصل دونون کا ایک ہے ح
وازین کلام مصنف ظاہر گشت کہ اعتماد عبارت از حذف حرف مذکور است و صاحب خزرجیہ
و دیگر بر انند کہ اعتماد عبارت ازان رکن حشوی است کہ حذف مذکور دران واقع شود پس
کلام محقق خالی از مسامحہ نیست تم کلامہ ظاہر ہے کہ محقق علیہ الرحمہ نے جو امر محقق تھا
لکھا مسامحہ اور فروگذاشت کا کیا دخل ہ‍ و ہر بیت را کہ ہر مصراعی ازو مساوی دایرہ باشد
و ہم بران وجہ کہ دران دایرہ افتد مستعمل باشد مانند وزن اول از کامل و رجز چنانکہ بعد
ازین معلوم شود آن بیت را تام خوانند ت اور جو بیت کہ ہر مصرع اوسکا مساوی دایرہ کے ہو
بعدد ارکان ہین یعنے سالم اور جسطرح دایرے مین ہے اوسی طرح مستعمل ہو یعنی سالم اوس
بیت کو تام کہتے ہین جیسے وزن اول کامل و رجز کہ بعد اسکے معلوم ہوگا وزن کامل یہہ ہے
بیت وَاِذَا صَحَوْتُ فَمَا اُقَصِّرُ عَنْ نَدًی * وَکَمَا عَلِمْتِ شَمَائِلِیْ وَتَکَرُّمِیْ * بر وزن متفاعلن متفاعلن
متفاعلن اور رجز یہہ ہے **بیت** دَارٌ لِسَلْمٰی اِذْ سُلَیْمٰی جَارَۃٌ * قَفْرٌ تَرٰی آیَاتِہَا مِثْلَ الزُّبُرْ *
بروزن مستفعلن مستفعلن مستفعلن ہ‍ و ہر بیت را کہ ارکان ہر مصراعی ازو بعدد مساوی
ارکان دایرہ بود خواہ ہم بران وجہ کہ در دایرہ افتد مستعمل باشد و خواہ بعد از تغیر آن بیت را
وافی خوانند ت اور جو بیت کہ ہر مصرع اوسکا عدد مین مساوی ارکان دایرہ ہو خواہ
اوسی طرح پر مستعمل ہو یعنی سالم خواہ بعد تغیر کے یعنے مزاحف اوس بیت کو وافی کہتے ہین
پس وافی عام ہے اور تام خاص یعنے ہر تام وافی ہے اور ہر وافی تام نہین ظاہر ہے

شمار سے کے بحرین زیادہ ہو جائین گی ہی یہ تفصیل دائرون اور بحرون کی ظاہر ہے کہ جدا کرنا
مثمن اور مسدس کا شمار مین تکلف سے خالی نہین اور فارسیون نے بحور تازی کو بھی مستعمل
کیا ہے اور تین بحرین جدید قریب مشاکل اور اونہین ملائی ہین پس اس حساب سے
اونیس بحرین ہوتی ہین جیسا کہ مشہور ہین اور معلوم کیا چاہیے کہ مصنف علیہ الرحمہ نے حروف
ابجد کو بحساب اعداد علامت شمار مقرر کیا ہے پس علامت چار کی دال ہوتی ہے اوسکے
مقام پر یہ شکل لکھا اسواسطے ہے کہ واو سے ملتبس نہو اور بعد عشر کے احاد کو عشرات
سے موخر کیا ہے پس یا عبارت یا زیادہ سنے اور یہ عبارت دوازدہ سے ہے ھم وبدانکہ
رکن اول را از مصراع اول صدر خوانند و رکن آخر را عروض و رکن اول را از مصراع دوم ابتدا
خوانند و رکن آخر را ضرب و رکنہاے باقی را حشو ت اور جانا تو کہ رکن اول مصراع
اول کو صدر کہتے ہین اسواسطے کہ صدر مین واقع ہوا ہے اور رکن آخر مصراع اول کو عروض
کہتے ہین بالفتح اسواسطے کہ عروض بمعنی ستون خیمہ ہے جیسا کہ خیمہ ستون سے قائم ہوتا ہے
بنا شعر کی اس رکن سے قائم ہے اور رکن اول مصراع دوم کو ابتدا کہتے ہین اسواسطے کہ
ابتداے مصرع مین واقع ہے مثل صدر کے اور رکن آخر مصراع دوم کو ضرب کہتے ہین کہ
ضرب بمعنی دامن خیمہ ہے جیسا کہ دامن خیمہ منتہاے خیمہ ہوتا ہے یہ رکن بھی منتہاے
شعر ہے یا ضرب بمعنی صنف ہے کہ اسکے اصناف بہت ہین یا بمعنی مثل یعنے یہ ضرب
مثل عروض ہے وقوع آخر مصرع مین اور باقی رکنون کو حشو کہتے ہین اسواسطے کہ یہ رکن
شعر مین صدر بالفتح اول بالاے ہر چیز اور پیشگاہ خانہ اور بمعنی بالا نشین منتخب اور کشف
اور لطائف اور غیاث سے عروض بالفتح کرانہ ہر چیز و جزو اخیر مصراع اول شعر کذا فی المنتخب
ابتدا آغاز کرنا منتخب سے ضرب بالفتح مانند و مثل و نوع اور بمعنی لفظ آخر شعر منتخب
اور کشف اور بحر الجواہر اور غیاث سے ھم و باشد کہ رکن اول را چون جزو اول او وتد
مجموع بود متحرک اول او را ازان جزو بیفگنند و اینمعنی را خرم خوانند چنانکہ بعد ازین گفتہ آید
آن رکن را ابتدا خوانند و بازای آن ہر رکن را از دیگر ارکان کہ سببی خفیف در وی مجاور وتدی
بود ساکن آن سبب بیفگنند اسقاط او را اعتماد خوانند ت اور کبھی ابتدا اوس رکن کو کہتے

وزن ہین اور ارکان ہین اور مقفے خواہ مطلع قصیدے خواہ غزل کا خواہ بیت مثنوی کی اوسکو
مصرع کہتے ہین اور جو بیت کہ مصرع اول اوسکا مصرع ثانی سے جدا نہو مثلاً ایک رکن آدھا
اس مصرع سے متعلق ہو آدھا دوسرے مصرع سے اوسکو متقارب کہتے ہین اور وہ بیت مجازاً ابیت
ہوگی مصرع بضم میم وفتح صاد وتشدید رای مہملہ مفتوح وعین مہملہ مصرع آوردہ شدہ غیاث سی تصریع
قافیہ لانا مصرع اول بیت مین منتخب سے معقد صیغہ مفعول تعقید سے اور تعقید گرہ دنیا
اور سخن پوشیدہ کہنا کہ خوب سمجھہ مین نہ آئے غیاث سے ہم وعروض وضرب را اگر سالم باشد
یعنے از تغیرات خالی صحیح خوانند واگر از نقصانی خالی نبود منتقض خوانند ست اور عروض اور
ضرب اگر سالم ہون اونکو صحیح کہتے ہین اور اگر نقصان سے خالی نہون بسبب زحافات کے
اونکو منتقض کہتے ہین اور انتقاض بالکسر وقاف شکستگی منتخب اور غیاث سے ہم ورکنی را
کہ عروض بیت بود ہر وجہی کہ جز چنان نشاید خواہ صحیح خواہ منتقض او را فصل خوانند ورکن ضرب را
کہ ضرب بیت بود ہر وجہی بود کہ جز چنان نشاید غایت خوانند وبعد ازین بشرح تغیرات کہ در ارکان افتد
مشغول شویم واللہ اعلم ست اور جو رکن کہ عروض بیت ہو اصطلاح پر کہ سوا اوسکے سزاوار
نہو یعنی ایک ہی عروض آیا ہو خواہ صحیح خواہ منتقض صحیح جیسے ہزج مثمن اور مضارع اور مجتث
ہین کہ سالم ہوتا ہے اور بس اور منتقض جیسے طویل ہین کہ عروض مقبوض ہوتا ہے اور بس
اور مقتضب ہین کہ مطوی ہوتا ہے اور بس پس ایسے عروض کو فصل کہتے ہین اور رکن
ضرب جب ایسا ہو کہ سوا اوسکے سزاوار نہو یعنے ایک ہی ضرب آئی ہو خواہ صحیح ہو خواہ منتقض
پس صحیح جیسے مضارع اور مجتث ہین کہ رکن ضرب سالم ہوتا ہے اور بس اور منتقض جیسے
مقتضب ہین کہ رکن ضرب مطوی ہوتا ہے اور بس پس ایسی ضرب کو غایت کہتے ہین فصل
جدا کرنا اور جدا ہونا اور باز رکھنا اور کاٹنا اور مجازاً بمعنی قطع غیاث سے مناسبت لتشبیہ
ظاہر ہے اور غایت نہایت ایک شی کی منتخب سے پس جب اس بیان سے فراغت ہوئی
اب تغیرات ارکان کا بیان شروع ہوتا ہے واللہ اعلم فصل ششم در تغیرات ارکان
والقاب آن وتفصیل شروع ہر یک از اصول ارکان این رکہنا کہ اصول بحرہا ست ہم
برانگونہ کہ وردو ائر افتد بنا در استعمال کنند وبیشتر چنان بود کہ دران تصرفی کنند بہ نقصان حرکتی

کہ جیسں وافی میں تغیر ہوگا وہ غیر تام ہوگا ھم واگر جزوی یعنی رکنی از ہر مصراعی از و حذف کردہ
استعمال کنند آنرا مجزو خوانند و اگر از یک بیت یک نیمہ حذف کردہ استعمال کنند اورا مشطور خوانند
واگر دو ثلث حذف کردہ استعمال کنند منہوک خوانند ت اور اگر ایک رکن مصرع سے کم کرکے
استعمال کریں اوسکو مجزو کہتے ہیں پس اگر بیت مثمن ہوگی مسدس رہے گی اور اگر مسدس
ہوگی مربع رہے گی اور اگر ایک نیمہ بیت سے حذف کرکے استعمال کریں اوسکو مشطور
کہتے ہیں یعنے نصف پس اگر بیت مثمن ہوگی مربع رہے گی اور اگر مسدس ہوگی مثلث
رہے گی دونوں مصرعوں میں اور اگر دو ثلث حذف کرکے استعمال کریں اوسکو منہوک کہتے
ہیں پس بیت مسدس مثنّا رہجائیگی دونوں مصرعوں میں اور منہوک بیت مثمن میں ممکن
نہیں ہے مجزو بزاء معجمہ بحر مسدس کہ اصل وضع میں مثمن ہو باعتبار دور کرنے ایک جزو کے
اوس سے کذا فی الغیاث اور جزو مہموز اللام بمعنی پارہ پارہ کردن ہے لغت میں اور مجزو
مجازاً صفت جزو اخیر کی واقع ہوتی ہے اور مسدس بھی مجزو آتی ہے اور شطر بالفتح اور سکون
ثانی بمعنی نصفی ہر شے اور نیمہ اور پارہ منتخب اور صراح سے اور نہک بالفتح کہنہ اور فرسودہ
ہونا کپڑے کا پہننے میں اور لاغر اور ضعیف کرنا بیماری کا کذا فی المنتخب اور محقق علیہ الرحمہ نے
خود معنی ان لفظوں کے فصل نہم میں لکھے ہیں ح قولہ مشطور از شطر بمعنی نصف پس مشطور بمعنی
نصف کردہ شدہ و آن در دو بحر جائز باشد و بس و آن رجز و سریع است نزد غیر خلیل چہ خلیل
شعر را دو مصراع و عروض و ضرب لازم میداند پس مشطور نزد وی فائدش مثلث باشد و بس از ینجاست
کہ سکاکی میگوید فالمربع یسمی مجزوّاً والمثلث مشطوراً و ما ربعوا المثمن پس آنچہ مرزا قتیل در چار شربت
می آرد در اشعار عربی مربع نیز آمدہ و مشطور ہم خوانند غلط محض است تم کلامہ یہاں مرزا قتیل
بیچارے بھی زیر شمشیر اعتراض آگئے عجب بات ہے کہ آگے اسکے خود مشطور کو مربع لکھتے
ہیں اشعار عربی میں چنانچہ بحر مدید میں عبارت محقق علیہ الرحمہ کی یہہ ہے و بعضے مشطور روا
داشتہ اند اور حاشیہ انکا یہہ ہے قولہ مشطور یعنی مربع نحو ع یا لبکر لا تئدوا لیس ذا
حین ولّی [illegible] و مربعیت کہ ہر دو مصراع او متساوی بود و مقفی او را مصرع خوانند و اگر مصراع اولش
[illegible] دونوں مصرع اوسکے متساوی ہوں ۱۲

علت کہتے ہین اور معلوم کیا چاہیے کہ بہتر سب مین قول اول ہے اور مختار جمہور بھی یہی ہے
هم و بر جملہ تغیر بنقصان بود یا بزیادت و تغیر بنقصان یا خاص نبود بموضعی یعنی در ہر موضع کہ آن
رکن افتد آن تغیر ممکن باشد یا خاص بود باوایل ابیات و مصراعها یا باواخر آن و تغیر بزیادت
همیشه خاص بود باوایل و یا باواخر و در اواسط نیفتد و هر یک ازین انواع یا بتازی خاص بود
یا بپارسی یا در هر دو لغت مستعمل بود و چون سبقت در شعر تازیان راست و خلیل احمد که مستخرج
عروض ایشان است بر اکثر اشعار ایشان واقف بوده تغیرات آن لغت را احصا کرده است و
آنرا القاب مناسبه نهاده و در پارسی و دیگر لغات نه چنان است بلکه بعضی ازان فرا گرفته اند
و بعضے که خاص بلغت خود یافته اند بآن اضافه کرده و در وضع القاب با یکدیگر خلاف ها
کرده اند ما ابتدا بتغیرات شعر تازی کنیم چه آنچه بایشان خاص است و چه آنچه مشترک است
کو یہ ہے اور ان سب ارکان مین تغیر یا بہ نقصان ہوتا ہے یا بزیادت پس تغیر بنقصان
یا خاص نہین ہوتا کسی جگہہ سے یعنے جس جگہہ وہ رکن پڑتا ہے وہ تغیر بھی ممکن ہوتا ہے یا خاص
ہوتا ہے باوایل ابیات و مصاریع یا باواخر ابیات و مصاریع اور تغیر بزیادت ہمیشہ خاص
ہوتا ہے باول یا باخر اوسط مین نہین ہوتا اور ہر ایک تغیر ان تغیرات سے یا عربی مین خاص
ہے یا فارسی مین خاص ہے یا دونون مین مستعمل ہے اور جو سبقت شعر مین اہل عرب کو
ہے اور خلیل احمد کہ واضع عروض عربی ہے اور اکثر اشعار عرب سے واقف ہیں اوسنے
تغیرات عرب کے احصا کیے ہین یعنے چونتیس زحافت لکھے ہین اور اونکے نام مناسب رکھے
ہین اور فارسی وغیرہ زبانون مین ایسا نہین ہے بلکہ بعض زحاف عرب کے لیے ہین
اور بعض کہ اپنی زبانون مین خاص پائے ہین اونپر زیادہ کیے ہین اور نام رکھنے مین
بایکدیگر بہت خلاف کیا ہے یعنے کسینے کوئی نام رکھا ہے کسینے کوئی لہذا ہم ابتدا بہ تغیرات
شعر تازی کرتے ہین جو کچھہ کہ اونکی زبان مین خاص ہے اور جو کچھہ کہ زبان عرب اور
زبان فارس مین مشترک ہے کہتے ہین معلوم ہو کہ اعداد زحافات مین اختلاف بہت ہے
چنانچہ صاحب معجم لکھتا ہے کہ تازی مین بائیس زحاف اور فارسی مین تیرہ زحاف ہین
کہ جملہ پینتیس ہوتے ہین اور محقق علیہ الرحمہ نے زحافات تازی کے موافق خلیل کے

یا حرفی یا جزوی یا بزیادت حرفی یا جزوی و وجہ مستعمل را در ہر بحری بنا می‌ان . بحر خواہ شد
پس ہر رکن کہ در دائرہ بر اصل وضع باشد یعنی ہیچ تغیر آنرا سالم خوانند و اما در بنا باشد کہ سالم باشد
و باشد کہ معلول شود و ہر تصرف کہ در وی رود نوعے از تغیر باشد ہمچنانکہ ارکان سالم را اصول
خوانند ارکان متغیرہ را فروع خوانند و بعضے بجائے تغیر زحاف گویند ت یعنی ارکان کہ اصول
بحروں کے ہین جسطرح دائرون مین واقع ہوتے ہین اوسیطرح یعنے سالم اکثر مستعمل ہوتے
ہین اکثر اونمین تصرف کیا جاتا ہے پس وہ تصرف یا بہ نقصان ہے جیسے نقصان حرکت کا
مثلاً متفاعلن باضمار مستفعلن ہو جاتا ہے یا نقصان حرف کا جیسے مستفعلن بخبن مفاعلن ہو جاتا
یا نقصان جزو کا اور جزو سے مراد سبب اور وتد ہین جیسے فعولن بحذف فعل ہو جاتا ہے یا وہ
تصرف بزیادت ہے زیادت حرف جیسے فعولن باشباع فعولان ہو جاتا ہے یا بزیادت جزو
جیسے مستفعلن بترفیل مستفعلاتن ہو جاتا ہے اور زیادت حرکت نہین ہوتی اور وجہ مستعمل ہر
بحر کو بنا اوس بحر کی کہتے ہین یعنے ارکان نا متغیر جیسے دائرے مین واقع ہوتے ہین
اونکو بنا کہتے ہین لیکن جو رکن دائرے مین اصل وضع پر ہو اور اوس مین تغیر نہوا ہو اوسکو
سالم کہتے ہین لیکن بنا مین کبھی رکن سالم ہوتا ہے اور کبھی معلول یعنے متغیر کیونکہ دائرہ ارکان
سالم اور متغیر دونون کا ہوتا ہے پس جسطرح کا کہ تصرف اوس مین ہوا ہو وہ ایک نوع
تغیر ہے پس جیساکہ ارکان سالم کو اصول کہتے ہین ارکان متغیرہ کو فروع کہتے ہین اور بعضے
اس تغیر کو زحاف کہتے ہین مطلب یہہ کہ ارکان دوائر کو سالم ہون خواہ متغیر بنا کہتے ہین
مگر چونکہ دوائر مزاحفہ کے ارکان مین ایک نوع کا تغیر ہوا ہے اونکو بھی فروع کہنا چاہیے
اور جن ارکان مین کسیطرح کا تغیر نہین ہوا ہے وہ سالم ہین زحاف بالکسر گر پڑنا اور ساقط
ہونا ایک حرف کا دو حرف سے شعر مین اور اوس شعر کو مزاحف بفتح حا کہتے ہین منتخب
سے ہم بعضی زحاف تغیری را گویند کہ در بنا جائز بود و شعر بی آن تغیر نیکو تر بود و بعضی زحاف
اسقاط ساکن سبب خفیف را گویند و لیس ست اور بعضے زحاف اوس تغیر کو کہتے ہین
کہ بنا مین جائز ہو مگر شعر بغیر اوسکی بہتر ہو یعنے تغیرات نا مرغوب کو زحاف کہتے ہین اور بعضے
اسقاط ساکن سبب خفیف کو فقط زحاف کہتے ہین اور بس اور جو تغیر سوا اسکے ہی اوسکو

خلاف بسط منتخب سے اور اگر حرف ہفتم سبب خفیف سے رکن مین ساقط ہوگا اوس رکن کو
مکفوف کہین گے اور کف بفتح وتشدید فا دوختن جامہ بر یکدیگر و باز ایستادن ہی منتخب ہے
هم دو یگر نوع خاص بود باواخر مصراعہا وآن دوگونہ بود یکے آنکہ ساکن سبب را اسقاط
کنند و متحرکش را ساکن کنند و رکن را بعد ازین تغییر مقصور خوانند دوم آنکہ سبب را بیفگنند
و رکن محذوف خوانند است اور دوسرا جو تغییر سبب خفیف مین پڑتا ہے خاص ہے
باواخر مصاریع اور وہ دو طرح ہے ایک وہ ہے کہ ساکن سبب کو گرا کر اوسکے متحرک کو
بھی ساکن کرین اوس رکن کو بعد اس تغییر کے مقصور کہتے ہین جیسے فعولن سے فعول اور
مفاعیلن سے مفاعیل یکون لام ہوتا ہے اور قصر بمعنی کوتاہ کردن ہے منتخب سے
اور دوسری صورت یہہ ہے کہ سارا سبب گر جاے اوس رکن کو بعد اس تغییر کے محذوف
کہتے ہین جیسا فعولن سے فعل اور مفاعیلن سے فعولن ہوتا ہے اور حذف بمعنی انداختن
اور دور کردن ہے منتخب سے هم واما آنچہ در سبب ثقیل افتد یک نوع بود واز تغیرات عام
بود وآن تسکین متحرک دوم سبب باشد پس اگر متحرک دوم سبب حرف دوم رکن بود رکن را
بعد از تغییر مضمر خوانند واگر حرف پنجم بود رکن را معصوب خوانند ودر غیر این دو موضع نیفتد
است واما جو تغییر سبب ثقیل مین پڑتا ہے وہ ایک ہی قسم ہے اور تغییر عام ہے اور وہ ساکن
کرنا متحرک دوم سبب ثقیل کا ہے پس اگر وہ متحرک دوم حرف دوم رکن ہو اوس رکن کو بعد
اس تغییر کے مضمر کہتے ہین جیسے متفاعلن سے مستفعلن ہوجاتا ہے اور اضمار کا غور کرنا اور
دل مین رکھنا اور ضمیر کلام مین لانا منتخب سے اور اگر حرف پنجم ہو اس رکن کو بعد اس تغییر کے
معصوب کہتے ہین جیسے مفاعلتن سے مفاعیلن ہوجاتا ہے اور عصب خوب لپیٹنا اور دواج
کرنا اور مضبوط باندھنا منتخب سے اور یہہ تغیرات دو جگہون کے سوا اور کہین نہین آتا کسواسطے
کہ سوا مفاعلتن متفاعلن کے اور کسی رکن افاعیل مین سبب ثقیل نہین ہے اور عام سے
مراد یہہ کہ ابتدا اور صدر اور حشو اور عروض اور ضرب سب جگہہ آتا ہے هم واما آنچہ در وتد مجموع
افتد خاص بود یا باوایل مصراعہا یا باواخر و درین نوع تغییر عام نباشد اما آنچہ باوایل خاص
بود اسقاط متحرک اول باشد از وتد آنرا خرم خوانند وتوعش یا در فعولن بود رکن را اثلم خوانند

سے لکھے ہین اور الحق کہ تازی مین ایسا ہی چاہیے اور عروضیان فارسی نے جو تصرف
اور ایجاد کیا ہے یہہ امر بجہت اختلاف لغت کے ہے کہ محاورات اور مصطلحات ہر لغت
کے جدا ہوتے ہین احصا بالکسر گنا اور ضبط کرنا منتخب سے ہم تغیرات یا مفرد بود
یا مرکب و مفرد آن بود کہ دران رکن یک نوع تغیر بیش نیفتد و مرکب آن بود کہ زیادت
از یک نوع افتد اما مفرد از چہار نوع خالی نبود از انکہ تغیرات یا در سبب خفیف افتد یا در سبب
ثقیل یا در وتد مجموع یا در وتد مفروق اما آنچہ در سبب خفیف افتد دو نوع بود اول عام
بود و آن اسقاط ساکن سبب بود و ساکن سبب یا حرف دوم رکن بود یا حرف چہارم
یا حرف پنجم یا حرف ہفتم و حرف اول و سوم و ششم نتواند بود پس اگر حرف دوم بود
آن رکن را بعد از اسقاط مخبون خوانند و اگر چہارم بود مطوی و اگر پنجم بود مقبوض و اگر ہفتم بود
مکفوف ت تغیرات یا مفرد ہوتے ہین یا مرکب مفرد وہ تغیر ہے کہ ایک سے زیادہ اوس
رکن مین نہو اور مرکب وہ تغیر ہے کہ ایک سے زیادہ ہو اما تغیر مفرد چار قسم سے خالی نہین اس
سبب سے کہ یا سبب خفیف مین ہوتا ہے یا سبب ثقیل مین یا وتد مجموع مین یا وتد مفروق مین
پس جو تغیر سبب خفیف مین پڑتا ہے اوسکی دو قسمین ہین اول عام ہے اور وہ اسقاط ساکن
سبب خفیف کا ہے اور ساکن سبب خفیف کا یا حرف دوم رکن ہوتا ہے جیسے مستفعلن
مین سین یا حرف چہارم رکن جیسے مستفعلن مین فی یا حرف پنجم رکن جیسے مفاعیلن مین
ی یا حرف ہفتم رکن جیسے مفاعیلن مین نون اور حرف اول اور سوم اور ششم نہین
ہوسکتا وجہ اول اور سوم کی ظاہر ہے اور ششم اس جہت سے کہ افاعیل مستعملہ مین کوئی
رکن تین سبب متوالی سے مرکب نہین ہے پس اگر حرف دوم سبب خفیف کا ساقط ہوگا
اوس رکن کو بعد اسقاط کے مخبون کہین گے اور خبن بالفتح پیٹنا جامے کا تا کوتاہ ہو
ہو جاوے منتخب سے اور مناسبت معنی لغوی اور اصطلاحی مین ظاہر ہے اور اگر حرف
چہارم سبب خفیف سے رکن مین ساقط ہوگا اوس رکن کو مطوی کہین گے اور طے بتشدید
یا پیچیدن اور نوردیدن جامہ یا نامہ ہے منتخب سے اور اگر حرف پنجم سبب خفیف سے
رکن مین ساقط ہوگا اوس رکن کو مقبوض کہین گے اور قبض بالفتح گرفتن بہ پنجہ و گرفتگی

اوس رکن کو احذ کہتے ہین جیسے مستفعلن بعد حذف وتد کے فعلن بسکون عین ہوتا ہے مقطوع
قطع سے اور قطع کاٹنا اور خفہ کرنا گلے کا منتخب سے اور احذ حذ سے اور حذ بفتح اور بتشدید ذال
معجمہ بسرعت جانا اور ہمدگر سے کاٹنا منتخب سے خواہ حذو سے اور حذذ بفتحتین بمعنی کوتاہی اور
سبکی دم شتر اور ایک نوع تصرفات عروض سے ہے اور وہ گرادینا وتد مجموع متفاعلن وغیرہ کا
منتخب سے هم و نوعی دیگر است که در وتد فاعلاتن افتد آنجا که این رکن آخر مصراع بود در بعضی
بحرہا تا باوزن مفعولن آید و آنرا مشعث خوانند و بعضی گفته اند این تغیر خرم است و متحرک
اول بیفتاده است و بعضی گفته اند قطع است و بعضی گفته اند متحرک دوم بیفتاده است و زجاج گفته
است این تغیر مرکب است اول خبن کرده اند و بعد ازان تسکین حرف اول وتد کرده و این بقیاس
نزدیکتر است چه خرم جز در وتدے نیفتد که حرف اول رکن بود از اول مصرع و قطع جز در رکن وتدی
نیفتد که آخر رکن بود از آخر مصرع و اما اسقاط متحرک دوم وتد مجموع در هیچ صورت دیگر واقع نیست
ست اور ایک تغیر وتد مجموع کا درمیان فاعلاتن مین جب آخر مصراع مین پڑتا ہے بعضی بحر مین
دو ضرب وافی خفیف اور ضرب مجتث مجزو سے ہے کہ فاعلاتن مفعولن ہوجاتا ہے اوس رکن کو
مشعث کہتے ہین پس تشعیث نقل فاعلاتن بمفعولن ہے اور تشعیث لغت مین بمعنی پراگندہ
کردن ہے اور بعضون نے کہا ہے کہ یہ تغیر خرم کا ہے اور متحرک اول گرا ہے یعنی عین
علاتن کا کہ وتد ہے گر کر فالاتن رہا منقول بمفعولن ہوا اور بعضون نے کہا ہے کہ یہ تغیر قطع کا ہے
یعنی حذف الف علا اور تسکین لام سے فاعلتن رہا منقول بمفعولن ہوا اور بعضون نے
کہا ہے کہ متحرک دوم گرا ہے یعنی لام علا کا گر کر فاعاتن رہا منقول بمفعولن ہوا اور زجاج نے
کہا ہے کہ یہ تغیر مرکب ہے اول خبن کیا ہے بعد اوسکے حرف اول وتد کو ساکن کیا ہے یعنی فاعلاتن
خبن سے اول فعلاتن ہوا بعد اوسکے عین کو بتسکین ساکن کیا پس فعلاتن منقول بمفعولن
ہوا اور یہ قریب القیاس ہے اسواسطے کہ خرم کہنے مین یہ قباحت ہے کہ خرم اوس وتد
مین واقع ہوتا ہے جو اول رکن مین ہو اول مصرع مین اور یہ علا درمیان رکن کے واقع
ہوا ہے اور قطع کہنے مین یہ قباحت ہے کہ قطع اوس وتد مین آتا ہے جو آخر رکن مین ہو
آخر مصرع مین اور یہ علا درمیان رکن کے ہے اور اسقاط متحرک دوم وتد مجموع کہنے مین یہ قباحت

یا در مفاعیلن بود و رکن را اخرم خوانند و یا در مفاعلتن بود و رکن را اعصب خوانند و در غیر این سہ
موضع نبود ست و اما جو تغیر وتد مجموع مین پڑتا ہے خاص ہوتا ہے باوایل مصاریع یا باواخر
مصاریع اور یہہ تغیر عام نہین ہوتا پس جو تغیر وتد مجموع مین خاص باوایل مصاریع ہے اسقاط متحرک
اول ہے اوسکو خرم کہتے ہین اور خرم بمعنی شگافتن پرہ بینی اور بریدن مطلق ہے منتخب سے
پس وقوع اس تغیر کا یا فعولن مین ہوتا ہے جیسے فعولن سے فعلن ہو جاتا ہے اس رکن کو اثلم
کہتے ہین اور ثلم بمعنی رخنہ کردن اور کنارہ شکستن ہے منتخب سے یا وقوع اوسکا مفاعیلن مین
ہوتا ہے کہ مفعولن ہو جاتا ہے اوس رکن کو اخرم کہتے ہین یا وقوع اس تغیر کا مفاعلتن مین
ہوتا ہے کہ مفتعلن ہو جاتا ہے اوس رکن کو اعضب کہتے ہین اور عضب بعین مہملہ مفتوحہ اور
ضاد معجمہ ساکنہ شکستہ کرنا شاخ بز کا منتخب سے اور سوا ان تین جگہوں کے یہہ تغیر نہین آتا معلوم ہو
کہ فعولن اور مفاعیلن اور مفاعلتن تینون مین حرف اول کا گر جانا بعمل خرم ہے مگر مفاعیلن
مین اسکو خرم کہتے ہین اور فعولن مین ثلم اور مفاعلتن مین عضب کہ یہہ خرم ہر جگہہ ملقب بلقب
خاص ہے ہم و این تغیرات بیشتر در اول بیت بود خاصہ در اول قصیدہ و نزد اخفش در مصراع دوم
نادر بود و بازای خرم رکنی را کہ در و خرم ممکن بود و از خرم بسلامت بود موفور خوانند ست
اور یہہ تغیرات اکثر اول بیت مین ہوتے ہین خاصہ اول قصیدہ مین اور وقوع انکا مصراع دوم
مین نادر اور کمیاب ہے معلوم ہو کہ اخفش کے نزدیک مصرع دوم مین بھی خرم آتا ہے بلکہ
اخفش نے یہہ تغیر تمام اجزاے بیت مین جائز رکھا ہے اور بمقابلہ خرم جس رکن مین خرم
ممکن ہو اور وہ خرم سے سلامت رہے یعنے ایک جگہہ ہو اور دوسری جگہہ نہو پس رکن سالم
کو موفور کہتے ہین پس موفور ضد خرم ہے اور موفور بفتح میم تمام کردہ شدہ منتخب سے ہم و
اما آنچہ خاص باواخر مصاریع بود دو نوع بود یکے آنکہ ساکن وتد را بیفگنند و متحرک را ساکن
کنند و این رکن را مقطوع خوانند و دوم آنکہ وتد را بیفگنند و این رکن را اخذ خوانند ست و اما
جو تغیر وتد مجموع کا خاص ہوتا ہے باواخر مصاریع اوسکی دو قسمین ہین ایک یہہ کہ ساکن
وتد کو گرا دین اور متحرک ماقبل کو ساکن کرین اوس رکن کو مقطوع کہتے ہین جیسے مستفعلن بعد
حذف نون کے اور تسکین لام کے مفعولن ہوتا ہے اور دوسری قسم یہہ ہے کہ وتد کو گرا دین

بود اول آنکہ حرفی ساکن زیادت کنند پس اگر آخر رکن سببی خفیف بود رکن را مسبغ خوانند و اگر وتدی
مجموع بود مذال ست و اما تغییر بزیادت کہ خاص ہے باواخر مصاریع اوسکی دو قسمین ہین پہلی یہہ
کہ ایک حرف ساکن زیادہ کرین پس اگر آخر رکن سبب خفیف ہو اوس رکن کو مسبغ کہین گے جیسے
مفاعیلن سے مفاعیلان اور فاعلاتن سے فاعلیان ہو جاتا ہے اور اسباغ بمعنی تمام کردن
اور زرہ فراخ پوشیدن ہے منتخب سے اور بعضون نے اس حالت کو اشباع بشین معجمہ اور
عین مہملہ لکھا ہے بمعنی سیر کردن منتخب سے اور اگر آخر رکن مین وتد مجموع ہو اوس رکن کو مذال
کہین گے جیسے مستفعلن سے مستفعلان اور متفاعلن سے متفاعلان ہو جاتا ہے اور اذالت
لغت مین بمعنی دامن از کردن ہے ہم دیگر آنکہ سببی خفیف زیادت کنند الا در آخر متفاعلن بقید خاص
بود بوزن مجزو و با آخر بیت و رکن او را مرفل خوانند و ہر رکن را کہ تغییر آن بزیادت در آخر رکن
ممکن بود و ازان خالی بود آن را معری خوانند ست اور ایک تغییر بزیادت اور بھی ہے وہ سبب
خفیف کا زیادہ کرنا ہی کہ آخر متفاعلن مین پڑتا ہے اور خاص ہوتا ہے بوزن مجزو آخر بیت مین اور
اوس رکن کو مرفل کہتے ہین جیسے متفاعلن سے متفاعلاتن ہو جاتا ہے اور ترفیل لغت مین بمعنی
بزرگ کردن اور دامن کشادن ہے اور جو رکن کہ تغییر اوس مین بزیادت آخر مین ممکن ہو اور اوس سے
خالی ہو یعنی یہہ تغییر اوس مین نکرین ایک جگہہ مرفل ہو ایک جگہہ معری اوس رکن کو معری کہتے
ہین اور معری تعریہ سے ہے بمعنی عریان کردن اور وجہ مناسبت ظاہر ہے ہم و اما تغییرات
مرکب باشد کہ ثنائی بود و باشد کہ ثلاثی بود و ازانجملہ بعضے را لقب خاص بود و بعضے را نبود و بحسب
ترکیب ازان عبارت کنند و ما در اثنای ذکر فروعہا کہ ہر رکنی را مستعمل است ذکر القاب ایراد کنیم
انشاء اللہ تعالی ست و اما تغیرات مرکب کبھی ثنائی ہوتی ہین اور کبھی ثلاثی یعنے دو تغیر ایک
رکن مین پڑتے ہین یا تین تغیر اون سب مین کسی کا لقب خاص ہے اور کسی کا لقب خاص
نہین بحسب ترکیب اوس سے عبارت کرتے ہین مثلاً کہتے ہین مخبون مسکن اور ہم درمیان ذکر
فروع کے کہ ہر رکن سے وہ فروع نکل کر مستعمل ہین القاب ان تغیرات مرکب کی بیان کرینگے
ہم گوئیم فعولن را شش فرع مستعمل است افعول و آن مقبوض ست ب فعلن و آن اثلم ست فا بیند
از فعولن عولن بماند پس عولن غیر مستعمل را بدل بااین لفظ کردند کہ مستعمل است و دہ لغت و در حذ لن

سکتہ کہتین اور ایسی صورت واقع نہین ہوئی نظیر نہین ہے پس بہتر قول رابع ٹھہرا جو قول زجاج ہے
سکتہ فاعلاتن بحبن و تشکین منقول بہ مفعولن ہوا ہم واما آنچہ در وتد مفروق افتد سہ نوع است و
ہر سہ خاص است باواخر مصراعہا اول آنکہ متحرک دوم ساکن شود تا دو ساکن جمع آید و آن رکن را
موقوف خوانند دوم آنکہ متحرک دوم ساقط شود و رکن را مکشوف خوانند سوم آنکہ وتد بیفتد و رکن را
اصلم خوانند ت واما جو تغیر کہ وتد مفروق مین ہوتا ہے اوسکے تین قسمین ہین اور تینون خاص
باواخر مصاریع ہین پہلے وہ متحرک دوم وتد مفروق کا ساکن ہوجاوے اور دو ساکن جمع ہون
جیسے مفعولات وقف سے منقول بہ مفعولان ہوتا ہے اور اس رکن کو موقوف کہتے ہین اور وقف
بمعنی ایستادن اور رواداشتن ہے منتخب سے اور یہہ نقل مفعولات کی بہ مفعولان محض واسطے
فرق موقوف اور غیر موقوف کے بکتابت ہے ورنہ مفعولات بسکون تا بھی مانوس ہے دوسری
قسم یہہ کہ متحرک دوم وتد مفروق کا ساقط ہوجاوے جیسے مفعولات بحذف تا منقول بہ مفعولن ہوتا ہے
اور رکن کو مکشوف کہتے ہین اور کشف بمعنی برہنہ کردن ہے منتخب سے اور بعضون نے اسکو مکسوف
بسین مہملہ کہا ہے کسف سے بمعنی بریدن منتخب سے اور تیسری قسم یہہ ہے کہ وتد گرجاوے اس رکن کو
اصلم کہتے ہین جیسے مفعولات بحذف وتد مفروق منقول بہ فعلن بسکون عین ہوتا ہے اور صلم بمعنی گوش
از بن بریدن ہے منتخب سے ہم واما تغیر بزیادت کہ خاص بود باوایل مصراعہا آنرا خرم خوانند
وبیشتر وقوعش در اول مصراع اول بود و زیادت از یکحرف نادر تر بود و غایتش کلمہ مرکب از چہار حرف
یافتہ اند چنانکہ بعد ازین مثالش ایراد کردہ شود و آن تغیر را باارکان و اجزا ہیچ تعلق نباشد پس
اولے آنکہ این تغیر را از احوال ابیات شمرند نہ از احوال ارکان ت واما تغیر بزیادت کہ خاص ہے
باوایل مصاریع اوسکو خرم کہتے ہین اور خرم بفتح اول و معجمتین لغت مین [illegible] و بینی شتر [illegible]
منتخب سے اور اکثر وقوع اس زیادت خرم کا اول مصرع مین ہوتا ہے بیک حرف اور زیادت ایک حرف
سے نادر ہے اور انتہا یہہ ہے کہ کلمہ مرکب چار حرف سے ہے اول مصرع مین زیادہ پایا ہے
چنانچہ بعد اسکے فصل ہشتم مین مثال اوسکی لکھی جاوے گی اور اس تغیر کو ارکان اور اجزا سے
کچھ تعلق نہین ہے لہذا علاحدہ فصل ہشتم مین اسکو لکھا پس مطلب یہہ ہے کہ اس تغیر کو احوال ابیات
سے جانین نہ احوال ارکان سے ہم واما تغیر بزیادت کہ خاص بود باواخر مصراعہا وان دو نوع

عین بجاے فاعل باسقاط ساکن وتد وتسکین ما قبل مقطوع ہے اور بسیط اور غریب مین مستعمل ہے
اور معلوم کیا چاہیے کہ مقطوع سوا اواخر مصاریع کے جائز نہین ہے اور بحر غریب مین فعلن کو
سوا اواخر مصاریع کے صدر اور ابتدا اور حشو مین استعمال کرتے ہین پس ظاہر یہ ہے کہ فعلن
اس جگہہ مخبون مسکن ہے جیسا کہ مثمن مین کہا گیا اور اس صورت مین یہہ فرع تیسری ہوتی ہے
اور غریب مین خاص ہے اور اخفش نے چار فرعین اور لکھی ہین اول فاعلاتن مرفل دوسرے
فاعلان مذال تیسرے فعلاتن مخبون مرفل چوتھے فعلان مخبون مذال اور قرافی ایک اور زیادہ
کی ہے فعل احذ مذال بسیط مین ہر چند مرفل اور مذال کے لکھنے کی حاجت نہین اور ان فروع کا
استعمال نادر ہے اور پارسی مین محقق علیہ الرحمہ نے الیسی فرع خود لکھے ہین ہم مفاعیلن را شش
فرع است امفاعلن وآن مقبوض است ب مفاعیل وآن مکفوف ست واین ہر دو در ہزج وطویل
ومضارع افتد ج مفعولن وآن اخرم است ودر ہزج تنہا افتد د فاعلن وآن اخرم ومقبوض ست
وآنرا اشتر خوانند ہ مفعول وآن اخرم ومکفوف است وآنرا اخرب خوانند واین ہر دو در ہزج ومضارع
افتد و فعولن وآن محذوف ست ودر طویل وہزج افتد ست مفاعیلن کی چھہ فرعین ہین پہلے
مفاعلن بحذف یا مقبوض دوسرے مفاعیل مضموم اللام بحذف نون مکفوف اور یہ دونون ہزج
اور طویل اور مضارع مین آتی ہین یہان قریب کا ذکر اسواسطے نکیا کہ وہ بحر فارسی ہے
اور یہ بیان بحور تازی کا ہے تیسرے مفعولن بجاے فاعیلن بحذف میم اخرم یہ فرع تنہا ہزج
مین پڑتی ہے چوتھے فاعلن بحذف میم ویا اخرم مقبوض اسکو اشتر کہتے ہین اور شتر بمعنی
برگشتگی مژگان بالا اور شگافتہ گردیدن مژگان چشم کا غیاث سے پانچوین مفعول بضم لام بحذف میم
و نون اخرم مکفوف اسکو اخرب کہتے ہین اور خرب لغت مین بمعنی شگافتہ شدن ہر دو گوش ہے
یا خرابی ہر دو طرف مناسبت ظاہر ہے چھٹے فعولن بحذف لن بجاے مفاعی محذوف یہ طویل
و ہزج مین آتی ہے پس خلیل نے بھی چھہ فرعین لکھی ہین مگر اخفش نے ساتوین زیادہ کی ہے
وہ مفاعیل بسکون لام یا فعولان مقصور اور ثانی بہتر ہے تا کتابت مین التباس بمفاعیل مکفوف
لازم نہ آئے اور صاحب شرح نے بیان لفظ اشتر مین مضمون تازہ پیدا کیا ہے واسطے ضیافت
طبع ناظرین کے لکھا جاتا ہے ش این تغیر مرکب است از خرم وقبض کہ میم ویا از ہر دو سقوط یابد

ہمان است و در ہمہ مواضع بقدر جہد این شرط را رعایت می کنند و ما تخفیف را ذکر نخواہیم کرد ت
کہتے ہین ہم کہ فعولن کی چہہ فرعین مستعمل ہین پہلی فعول بضم لام و مقبوض ہے یعنے اوس مین
ساکن سبب خفیف کہ حرف پنجم ہی حذف ہوا ہے دوسرے فعلن بسکون عین وہ اثلم ہے یعنے
فا کہ حرف اول وتد ہے خرم سے گر کے فعولن سے عولن رہتا ہے پس عولن غیر مستعمل کی جگہہ
فعلن مستعمل لاتے ہین کہ دونون ہموزن ہین اور سب جگہہ حتی الوسع اس شرط کی رعایت کرتے
ہین یعنے غیر مستعمل کی جگہہ مستعمل لاتے ہین اور شرط حتی الوسع کی اس جہت سے ہے کہ جہان
لفظ مستعمل نہین ملتا لفظ غیر مستعمل مجبوری رہنے دیتے ہین مثل فع اور فل کے اور ہم نظر بتخفیف
ہر جگہہ ان مستعملات کا ذکر نکرینگے کہ ہر جگہہ بیان کی ضرورت نہین مگر ترجمہ مین البتہ لکھا جائیگا
ھم ج فعل وان اثلم است و مقبوض و ملقب باثرم خوانند و این سہ فرع ہم در طویل افتد و ہم
در متقارب و فعول و آن مقصور ست و فعَل و این محذوف ست و فع و بعضی گویند فل و آن محذوف
و مقطوع و آنرا ابتر خوانند و این فروع در متقارب افتد ست تیسرے فعلُ بسکون عین اور بتحریک
لام بجائے عول وہ بحذف اول وتد اثلم ہے اور باسقاط حرف پنجم مقبوض اس تغیر ثانی کو
اثرم کہتے ہین اور ثرم بفتحتین بمعنی دندان شکستن ہے منتخب سے اور یہ تینون فرعین یعنی فعولُ
فعلن فعلُ طویل مین آتے ہین اور متقارب مین چوتھے فعولْ بسکون لام بحذف ساکن سبب اور
تسکین متحرک مقصور ہے پانچوین فعَل بتحریک عین بدل فعو بحذف سبب محذوف ہے چھٹے فع
اور بعضے فل کہتے ہین بحذف سبب محذوف ہے اور بقطع وتد مین مقطوع اور سکو ابتر کہتے ہین
اور بتر بریدن اور بریدہ دم شدن منتخب اور غیاث سے اور یہ فروع سہ گانہ اخیر یعنے فعولْ
فعَل فع متقارب مین پڑتے ہین ھم فاعلن را دو فرع است فعِلن و آن مخبون است و در بحر
بسیط و غریب افتد و فعْلن و آن مقطوع است و در بسیط و غریب مستعمل است و بدانکہ مقطوع
در غیر اواخر مصراعہا جائز نیست و در بحر غریب فعْلن در غیر اواخر مصراعہا استعمال کنند پس ظاہر
کہ فعلن اینجا مخبون مسکن ست ہمچنانکہ در شعث گفتہ آمد و برین تقدیر این فرع ثالث باشد
بغریب خاص بودنست فاعلن کی دو فرعین ہین پہلی فعِلن بتحریک عین کہ بحذف الف
فاعلن مخبون ہے اور مدید اور بسیط اور غریب یعنے متدارک مین آتی ہے دوسری فعْلن بسکون

مفروقی کی ایک فرع ہے فاع لاتُ بالضم وہ مکفوف ہے اور مضارع مین آتی ہے ھ مستفعلن
مجموعی را نہ فرع است ا مفاعلن و آن مخبون است ب مفتعلن و آن مطوی است ج فعلتن و آن ہم
مخبون است و ہم مطوی و آنرا مخبول خوانند و این ہر سہ در بسیط و رجز و سریع و منسرح افتد د مفعولن
و آن مقطوع است ہ فعولن و آن مخبون مقطوع است و این دو در بسیط و رجز افتد و مستفعلان و آن
مذال است ز مفاعلان و آن مخبون مذال است ح مفتعلان و آن مطوی مذال است ط فعلتان
و آن مخبول مذال است و این چہار در بسیط افتد و فرعی دیگر بطریق شذوذ آمده است کہ خلیل نیاورده
و آن مخبون احذ است بر وزن فعل مستفعلن مجموعی کی نو فرعین ہین پہلی مفاعلن مخبون
بحذف سین دوسری مفتعلن مطوی بحذف فا تیسری فعلتن مخبون مطوی بحذف سین و فا
اوسکو مخبول کہتے ہین مخبول خبل سے ہے اور خبل بالفتح ہاتھ پاون کاٹنا اور گرجانا سین اور فے کا
مستفعلن سے بحر بسیط ہین کذا فی المنتخب اور یہہ تینون فرعین ہین یعنے مفاعلن مفتعلن فعلتن بسیط
اور رجز اور سریع اور منسرح مین آتی ہین چوتھے مفعولن مقطوع حذف نون اور تسکین لام سے
پانچوین فعولن مخبون مقطوع بحذف فا مفعولن مقطوع سے کہ مفعولن رہجاتا ہے بدل اوسکی فعولن لاتے
ہین اور یہہ دونون فرعین یعنے مفعولن اور فعولن بسیط اور رجز مین آتی ہین چھٹے مستفعلان مذال
بزیادت حرف ساکن آخر مین ساتوین مفاعلان مخبون مذال آٹھوین مفتعلان مطوی مذال نوین
فعلتان مخبول مذال بزیادت الف فعلتن مین اور یہہ چار فرعین یعنے مستفعلان مفاعلان
مفتعلان فعلتان بسیط مین آتے ہین اور ایک فرع اور بھی ہے وہ دسوین ٹھہری کہ بطریق
شاذ آئی ہے خلیل اوسکو نہین لایا ہے وہ مخبون احذ ہے بر وزن فعل بحر کامل مین اسواسطے
کہ مستفعلن احذ سے مستف ہوا اور خبن سے متف فعل عوض اوسکے لاتے ہین و مس تفع لن
مفروقی را چہار فرع است ا مفاعلن و آن مخبون است و در خفیف و مجتث افتد ب فعولن و آن
مخبون مقصور است و در خفیف افتد ج مستفعل و آن مکفوف است د مفاعل و آن مشکول است
و این ہر دو در خفیف افتد و مس تفع لن مفروقی کی چار فرعین ہین پہلی مفاعلن مخبون
ہے بحذف سین اور خفیف اور مجتث مین آتی ہے دوسری فعولن وہ مخبون مقصور ہے
اسواسطے کہ مفاعلن قصر سے مفاعل بسکون لام رہتا ہے فعولن اوسکے مقام پر لاتے ہین

باید دانست کہ مجموعہ سہم و باجی باشد پس برین قیاس لقب آن بجای اشتر اخرمی بایستی گفت
تا خالی از کیفیت نبودی چنانکہ سبحان اللہ ھم فاعلاتن مجموعی را یازدہ فرع است ا فعلاتن و آن مخبون
است ب فاعلات و آن مکفوف است ج فعلات و آن مخبون ست و ہم مکفوف و آنرا مشکول
خوانند و این ہر سہ در رمل و مدید و خفیف و مجتث افتد د فاعلان و آن مقصور است در مدید و رمل افتد
ہ فعلان و آن مخبون و مقصور است و در رمل افتد و فاعلن و آن محذوف است ز فعلن و آن مخبون
و محذوف است و ہر دو در رمل و مدید و خفیف افتد ح فعلن و آن ابتر است و در مدید افتد ط فاعلیان
و آن مسبغ است ی فعلیان و آن مخبون مسبغ است و ہر دو در رمل افتد یا مفعولن و آن مشعث است
و در خفیف و مجتث افتد بت فاعلاتن مجموعی کی گیارہ فرعین ہین پہلے فعلاتن مخبون دوسرے
فاعلات بضم تا مکفوف تیسرے فعلات بضم تا مخبون مکفوف اوسکو مشکول کہتے ہین اور شکل
باون چار ربائی کا رتبی سے باندھنا منتخب ہے اور یہہ تینون فرعین یعنے فعلاتن فاعلات
فعلات رمل اور مدید اور خفیف اور مجتث مین آتی ہین چوتھے فاعلان بحذف ساکن آخر سبب
و اسکان ما قبل مقام فاعلات مقصور ہے یہہ فرع مدید اور رمل مین آتی ہے اور وجہ تفصیل
فاعلات کی بہ فاعلان یہہ ہے تا التباس اوسکا فاعلات مکفوف سے نہو پانچوین فعلان بتحریک
عین مخبون مقصور رمل مین آتی ہے چھٹے فاعلن محذوف ساتوین فعلن بتحریک عین مخبون
محذوف یہہ دونون فرعین یعنے فاعلن اور فعلن رمل اور مدید اور خفیف مین آتی ہین آٹھوین
فعلن بسکون عین اجتماع حذف و قطع ابتر ہے اور ابتر یعنی دم بریدہ منتخب ہے اور یہہ فرع مدید
مین آتی ہے اور جاننا چاہیے کہ یہہ فعلن بسکون العین حقیقت مین مسکن ہے فعلن مخبون
محذوف کا کیونکہ واسطے قطع درمیان رکن کے نہین آتا جیسا کہ سابق مین مصنف نے بیان
کیا ہے نوین فاعلیان منقول فاعلاتان سے مسبغ دسوین فعلیان مخبون مسبغ یہہ دونون
فرعین یعنے فاعلیان اور فعلیان رمل مین آتی ہین گیارہوین مفعولن مشعث خفیف اور مجتث
مین آتی ہے اور شعث کا حال سابق بیان ہوچکا ہے کہ مخبون مسکن سب سے بہتر ہے
یعنے پہلے فاعلاتن ہین پھر فعلاتن ہو پھر اوسکے فعلاتن بہ تسکین اوسط منقول بمفعولن ہوجاے
ہفتم فاع لاتن مفروقی را یک فرع است فاع لات و آن مکفوف است و در مضارع افتد فاع لات

ح مفعول وآن اعضب ومنقوص است وآن را اعقص خوانند واین جملہ بوافر خاص باشدت اد
مفاعلتن کی آٹھ فرعین ہین پہلی مفاعیلن اور وہ معصوب ہے بہ تسکین لام دوسری مفاعلن
معصوب بعد اوسکے مقبوض اور اوسکو معقول کہتے ہین جب لام مفاعلتن کا عصب سے ساکن
ہوا اور قبض سے گر گیا مفاعلن رہا اور عقل پای شتر برسن بستن ہے منتخب سے تیسری مفاعیل
بضم لام معصوب مکفوف اوسکو منقوص کہتے ہین نقص بالفتح کم کرنا وکم ہونا اور کمی منتخب سے
جب مفاعیلن معصوب سے حرف ہفتم بکف گر گیا مفاعیل رہا چوتھی فعولن معصوب محذوف اوسکو
مقطوف کہتے ہین قطف کاٹنا خوشہ انگور کا اور چننا میوے کا منتخب سے جب مفاعیلن معصوب
سے لن بحذف گر گیا مفاعی رہا فعولن بعوض اوسکے آیا پانچوین مفتعلن اعضب معنی عضب کے
پہلے لکھے گئے پس یہ عمل خرم کا ہے جب میم مفاعلتن سے گر گیا فاعلتن رہا مفتعلن اوسکے
مقام پر آیا چھٹی مفعولن وہ اعضب معصوب ہے اور اوسکو اقصم کہتے ہین قصم بالفتح بمعنی شکستن
اور شکستگی دندان ہے منتخب سے پس فاعلتن اعضب مین جب لام بسبب عصب کے ساکن
ہوا فاعلتن رہا مفعولن اوسکے مقام پر آیا ساتوین فاعلن وہ اعضب معقول ہے اوسکو اجم
کہتے ہین اور اجم بفتحتین وتشدید جیم گوسفند بے شاخ و مرد بے نیزہ ہے منتخب سے
جب مفاعلتن عصب اور قبض سے مفاعلن ہوا اور میم عضب سے گر گیا فاعلن رہا آٹھوین
مفعول بضم لام اعضب منقوص ہے اور اوسکو اعقص کہتے ہین عقص سے بمعنی تافتن وپیچیدن
موے کلالہ منتخب سے جب مفاعیل کہ منقوص تھا خرم یعنے عضب سے فاعیل ہوا عوض
اوسکے مفعول آیا اور یہہ سب تغیرات وافر مین خاص ہین اسلیے کہ یہہ سب رکن مفاعلتن مین
آتے ہین اور مفاعلتن رکن وافر کا خاص ہے ھم ومتفاعلن را پانزدہ فرع است مستفعلن
وآن مضمر است ب مفاعلن وآن مضمر است پس مخبون وآنرا موقوص خوانند ج مفتعلن وآن
مضمر ومطوی ست وآنرا مخزول خوانند د فعلاتن وآن مقطوع است ہ مفعولن وآن مضمر ومقطوع است
و فعلن وآن احذ است ز فعلن وآن مضمر واحذ است ح متفاعلان وآن مذال است ط مستفعلان
وآن مضمر مذال است ی مفاعلان وآن موقوص ومذال است یا مفتعلان وآن مخزول ومذال است
یب متفاعلاتن وآن مرفل است یج مستفعلاتن وآن مضمر مرفل است ید مفاعلاتن وآن موقوص

اور یہہ فرع خفیف مین آتی ہے تیسرے مستفعلُ بضم لام وہ مکفوف ہے بحذف نون چوتھے
مفاعلُ بضم لام وہ مشکول ہے یعنے مخبون مکفوف یہ دونون فرعین یعنے مستفعل اور مفاعل
خفیف مین آتی ہین هم و مفعولات را یازده فرع است افعولات و آن مخبون است ب فاعلات
و آن مطوی است و هر دو در منسرح و مقتضب افتد ج فعلاتُ و آن مخبول است و در منسرح افتد
د مفعولان و آن موقوف ست ه فعولان و آن مخبون موقوف ست و مفعولن و آن مکشوف است ز
فعولن و آن مخبون مکشوف است و این چهار در سریع و منسرح افتد ح فاعلان و آن مطوی موقوف است
ط فاعلن و آن مطوی مکشوف ست ی فعلن و آن مخبول مکشوف است یا فعلن و آن اصلم است
و این چهار در سریع افتدست اور مفعولات کی گیارہ فرعین ہین پہلی فعولاتُ بضم تا مخبون ہے
بحذف فا اور بعضے مفاعیل کہتے ہین مگر اول بہتر ہے کہ التباس بمفاعیل مقصور ساکن اللام
کتابت مین نہو دوسری فاعلاتُ بضم تا مطوی بجای مفتعلات یہ دونون فرعین یعنے فعولاتُ
اور فاعلاتُ منسرح اور مقتضب مین آتی ہین تیسری فعلاتُ بتحریک عین و لام مخبول ہے یعنے
مخبون مطوی یہہ منسرح مین آتی ہے چوتھی مفعولان موقوف پانچوین فعولان مخبون موقوف چھٹی
مفعولن مکشوف یعنے متحرک دوم وتد مفروق سے کہ تا ہے ساقط ہوگئی مفعولا رہا اوسکی جگہہ پر
مفعولن آیا ساتوین فعولن مخبون مکشوف بجای مفعولن اور یہہ چار فرعین یعنے مفعولان فعولان مفعولن
فعولن سریع اور منسرح مین آتی ہین آٹھوین فاعلان مطوی موقوف یعنے واو حذف ہو اسطے
سے اور تا ساکن ہوئی وقف سے نوین فاعلن مطوی مکشوف بحذف واو و تا منقول مفعلا سے
دسوین فعِلن بتحریک عین مخبول مکشوف جب فعلاتُ مخبول سے تا ساقط ہوئی فعلا رہا فعِلن
عوض اوسکے آیا گیارہوین فعْلن بسکون عین اصلم جب لات کہ وتد مفروق ہے گر گیا مفعو رہا
عوض اوسکے فعْلن آیا یہہ چارون فرعین یعنے فاعلان فاعلن فعِلن فعْلن سریع مین آتی ہین
هم و مفاعلتن را هشت فرع است امفاعیلن و آن معصوب است ب مفاعلن و آن معقوص است
پس منقوص و آنرا معقول خوانند ج مفاعیل و آن معصوب و مکفوف و آنرا منقوص خوانند
د فعولن و آن معصوب است و محذوف و آنرا مقطوف خوانند ه مفتعلن و این اعضب است و مفعولن
و آن اعضب و معصوب و آنرا اقصم خوانند ز فاعلن و آن اعضب و معقول است و آنرا اجم خوانند

سط مفتعلان ل مفاعیل لا مستفعلن لیب فاعلیان یح مستفعلان لد متفاعلان لہ مفاعلاتن لو متفعلاتن
ز مستفعلاتن لح متفاعلاتن واز ہشت وزن اصول چہار در بیچا داخل است و چہار خارج وان فاعلاتن
و مفاعلتن و متفاعلن و مفعولات است پس جملہ اوزان اصول و فروع چہل و دو باشد سبب
یہ سبب فرعین ستر اور تین تہتر ہوئیں اس حساب سے کہ چھ فرعین فعولن کی اور دو فرعین فاعلن
کی اور چھ فرعین مفاعیلن کی اور گیارہ فرعین فاعلاتن متصل کی اور ایک فرع فاع لاتن منفصل کی
اور دو فرعین مستفعلن متصل کی اور چار فرعین مس تفع لن منفصل کی اور گیارہ فرعین مفعولات کی
اور آٹھ فرعین مفاعلتن کی اور پندرہ فرعین متفاعلن کی ہے اور سابق میں لکھا تھا کہ اخفش نے
چار فرعین اور فرا نے ایک فرع فاعلن کی اور لکھی ہے اور اخفش نے ایک فرع مفاعیلن
اور لکھی ہے اور مصنف علیہ الرحمہ نے ایک فرع مستفعلن کی بطریق شاذ اور لکھی ہے اگر ان
ساتون کو زیادہ کریں اسی فرعین ہوں اور اوزان اسکے اڑتیس ۳۸ ہوتے ہیں جیسے کہ لکھے
گئے اور اصول ہشتگانہ سے چار وزن انہیں داخل ہیں وہ کون فعولن اور فاعلن دو فرعین
مفاعیلن کی اور مفاعیلن فرع مفاعلتن کی اور مستفعلن فرع متفاعلن کی اور چار خارج وہ
فاعلاتن اور مفاعلتن اور متفاعلن اور مفعولات پس یہ چاروں جو خارج ہیں اون اڑتیس
سے ملکر چالیس اور دو یعنے بیالیس وزن ہوتے ہیں هم والقاب این ارکان کہ از جہت
تغیرات نہادہ اند آنچہ موکلست است زیادہ سی و چہار است بست تغیرات مفرد را وآن این است
اثجوب سب مطوی یا ج مقبوض ہ مکفوف و مضمر و معصوب ز موقوف ح مکشوف ط مقصور ی
مقطوع یا محذوف یب اخذ یج اصلم ید مشعث یہ اثلم یو اخرم یز اعضب یح مسبغ یط مذال ک
مرفل و چہاردہ مرکب را وآن این است مشکول سب مخبول ج منقول [illegible] و منقوص و مقطوف
ہ موقوص و مخزول ح ابتر ط اشتر ی اشتر یا اخرب یب اقصم یج اجم ید اعقص و مشعث نظر است
یا مقدر پس [illegible] اینجملہ تعلق بیان تازی وار دست اور القاب ان ارکان کے کہ بسبب
تغیرات [illegible] لفظ میں یعنے واسطے ہر ایک کے اونمیں ایک نام
الیعنی ہوا ہے مثلاً کہتے ہیں مفاعلن مخبون اور مستفعلن مطوی چونتیس ہیں بیس تغیرات مفرد
جیسے کہ مصنف علیہ الرحمہ نے لکھی اور چودہ تغیرات مرکب کہ وہ بھی مصنف علیہ الرحمہ نے لکھے اور

و مرفل است بہ مفتعلاتن و آن مخزول و مرفل است و این جملہ خاص بود بکامل است اور متفاعلن
کی پندرہ فرعین ہین پہلی مستفعلن مضمر باسکان تا دوسری مفاعلن مضمر مخبون اوسکو موقوص کہتے
ہین وقص یعنی گردن شکستن سے ہے منتخب سے جب مستفعلن مضمر سے سین بسبب جبن کے
گر گیا متفعلن رہا مفاعلن اوسکے عوض آیا تیسری مفتعلن مضمر مطوی اوسکو مخزول کہتے ہین
خزل یعنی بریدن سے ہے غیاث سے جب مستفعلن مضمر سے حرف چہارم طے سے گر گیا مستعلن
رہا مفتعلن اوسکے مقام پر آیا چوتھی فعلاتن وہ مقطوع ہے جب متفاعلن مین نون حذف ہوا
اور لام ساکن متفاعل رہا عوض اوسکے فعلاتن آیا پانچوین مفعولن وہ مضمر مقطوع ہے جب فعلاتن
مقطوع مین عین باضمار ساکن ہوا فعلاتن بسکون عین ہوا مفعولن اوسکے مقام پر آیا چھٹی فعلن
بتحریک مین وہ احذ ہے جب وتد آخر متفاعلن سے حذف ہوا متفا رہا فعلن اوسکے مقام پر آیا
ساتوین فعلن بسکون العین وہ مضمر احذ ہے جب متفاعلن مین ت ساکن ہوئی اور وتد حذف سے
گر گیا متفا رہا اوسکے عوض فعلن آیا آٹھوین متفاعلان وہ مذال ہے جب علن مین کہ وتد ہے
حرف ساکن باذالت زیادہ ہوا متفاعلان ہوا نوین مستفعلان وہ مضمر مذال ہے جب مستفعلن
مضمر مین حرف ساکن باذالت زیادہ ہوا مستفعلان ہوا دسوین مفاعلان وہ موقوص مضمر مذال ہے
یعنی وقص سے مفاعلن اور اذالت سے مفاعلان ہو گیا گیارہوین مفتعلان وہ مخزول مذال ہے
یعنی خزل مفتعلن اور اذالت سے مفتعلان ہوا بارہوین متفاعلاتن وہ مرفل ہے بزیادت
سبب جب متفاعلن مین سبب بڑہا متفاعلن تن ہوا عوض اوسکے متفاعلاتن آیا تیرہوین
مستفعلاتن مضمر مرفل ہے بزیادت سبب چودہوین مفاعلاتن موقوص مرفل ہے بزیادت
سبب پندرہوین مفتعلاتن مخزول مرفل ہے بزیادت سبب اور یہہ سب فروع خاص ہین
بحر کامل مین کس لیے کہ یہہ سب زحاف متفاعلن مین آتے ہین اور متفاعلن خاص رکن بحر کامل کا
ہے ہم پس جملہ این فروع ہفتاد و سہ ست و اوزان آن سی و ہشت و آن این ست ا فع ب
فعولن ج فعل د فعلن ہ فعول و فعول ز فعلن ح فعلان ط فعولن ی فاعلن یا مفعولن یب فعلاتن
یج فعلاتن ید مفاعل یہ فعولان یو فاعلان یز مفعول یح مفاعلن یط مفاعیلن ک فعلاتن کا
متفعلن کب فعولات کج فاعلات کد فعلیان کہ مستفعل کو مفعولان کز فعلتان کح مفاعلان

شعر گفته اند و اصول و تغیرات ایشان بکار داشته و بوزنهای دیگر از ایشان منفرد شده و بهر مصنف
از ایشان تغیراتی که یافته است غیر مستعمل تازیان لقبی نهاده است که دیگران در ان متفق نیستند با آنکه
همه جماعت اقتدا بعروض عرب کرده اند چه این لغت بلغت عرب آمیختگی تمام دارد و بے آن مستعمل
نمیتوانند بود پس با مثال این اسباب جدا باز کردن تغیرات فروع مستعمل در عروض فارسی تنها از آنچه
در عروض تازی مستعمل است و تعیین القاب آنچه خاص باشد بپارسی بر وجه متفق علیه متعذر است پس
اولے آنکه اینمعنی را تعرض نرسانیم و بر ایراد تغیراتی که خاص باشد بعروض پارسی اقتصار کنیم
تا از الحاق آن با نچه تقدیم یافت تمامی آنچه در عروض پارسی بآن احتیاج افتد حاصل آمده است
اور تیسری بات یہ ہے کہ اہل فارس نے اوزان عربیہ مین بہ تکلف شعر کہے ہین اور اصول اور
تغیرات اونہین کے مستعمل کیے ہین اور بعضے اوزان مین اونسے منفرد ہوئے ہین یعنے جدا ہوئے
ہین اور ایجاد کیا ہے اور ہر مصنف اہل فارس نے جو تغیر کہ غیر مستعمل عرب پایا ہے اوسکا ایک نام
رکھا ہے کہ اور لوگ اوس مین متفق نہین ہین یعنی کسی نے کچھ نام رکھا ہے اور کسی نے کچھ
باوجودی کہ سب اہل فارس عروض مین مقلد عرب ہین اسواسطے کہ زبان فارسی زبان عربی سے
بہت ملی ہوئی ہے اور بدون زبان عربی کے زبان فارسی مستعمل نہین ہوسکتی پس بامثال اِن
اسباب کے یعنی بسبب اختلاف القاب کو فارسی مین علاحدہ جدا کرنا تغیرات اور فروع مستعمل کا
عروض فارسی مین تنہا اون تغیرات سے جو عروض تازی مستعمل ہین اور مقرر کرنا القاب خاص
تغیرات فارسی کا بروجہ متفق علیہ کہ سب کا اتفاق ہو مشکل ہے پس بہتر یہ ہے کہ اس بات سے
تعرض نکرین ہم یعنے تقریر القاب کے درپے نہون اور ایراد تغیرات خاص عروض فارسی پر اقتصار
کرین یعنے نفس تغیرات فارسی بیان کرین تا یہ تغیرات فارسی تغیرات عربی سے جو سابق بیان
کیے گئے ہیں ملا دین تمام تغیرات فارسی جنکی احتیاج ہے حاصل ہوجاوین اور تکمیل انکی ہوجاوے
هم و ما در القاب آنچه از تغیرات منفرد باشد و عبارت از ان ضروری بود آنرا لقبی [illegible] رسیده است
آنرا لقبی نهیم و از مرکبات هرچه آنرا لقبی یافته باشیم ذکر کنیم و از باقی بحسب ترکیب عبارت کنیم تا القاب
بسیار نشود ست اور القاب تغیرات مفرد کے جنکا بیان کرنا ضروری ہے اونمین جسکا نام ہم
نہین پہونچا ہے اوسکا ایک نام رکھین اور تغیرات مرکب مین جسکا نام پایا گیا ہے اوسکا ذکر

مثمن مین گفتگو ہے بعضے کہتے ہین کہ یہہ تغیر مفرد ہے اور زجاج کہتا ہے کہ مرکب ہے خبن
اور تسکین سے اور قول زجاج کا بہتر ہے جیسا کہ سابق لکھا گیا اور یہہ سب تغیرات تعلق انسے
تازگی سے رکھتے ہین حاصل کلام یہہ کہ اصول دہ گانہ سے جملہ فروعات مشتق نکلے مگر جب تکرار
انہین سے دفع کی اڑتیس وزن باقی رہے ہیں پس اوزان اصول ارکان کو حقیقت مین آٹھ ہین
چار وزن اونکے ان فروعات مین داخل پائے اور چار خارج پس جب خوارج اربعہ کو انہین ملایا
جملہ اوزان اصول و فروع بیالیس ٹھہرے یہہ حال اوزان کا لکھا اور ان تغیرات کی مولفات کی یہہ صورت
بیان کی کہ چونتیس القاب ان مولفات تغیرات کے ہین بیس مفرد اور چودہ مرکب اور وہ مرکب کہ اثنا
بیان فروعات مین سب لکھے گئے اور نام اونکے علاحدہ علاحدہ ضمنیون فی نہین رکھے ہین اوسنے کچھ کام
نہین اس جگہہ صاحب شرح نے عجب شرح لکھی ہے بس ازینجملہ چہل و دو اوزان ہشت اصول جدا کردہ
باقی سی و چہار فروع را القاب آنچہ مقرر بود این است کہ مذکور شد الی آخرہ پس اگر بیالیس سے آٹھ اوزان
اصول کے جدا ہوکر چونتیس فروع کے القاب بیان ہوتی مضمر اور معصوب اور اشتر اور محذوف ان
چونتیس مین کیون ہوتے کہ مفاعیلن معصوب ہے مفاعلتن سے اور مستفعلن مضمر ہے متفاعلن سے
اور فاعلن اشتر اور فعولن محذوف ہے مفاعیلن سے هم و امادر فارسی تغیرات و القاب آن چندان منضبط نیست
از جہت آنکہ در پارسی بسیار وزنہا است کہ در پیشتر بران شعر گفتہ اند و نزدیک متاخران متروک است
و بسیار وزنہا است کہ متاخران نوی استعمال کردہ اند و آنرا اصول و فروع بروجہی دیگر است
و اما فارسی مین تغیرات اور القاب اونکے ایسے منضبط نہین ہین اسواسطے کہ فارسی مین بہت سے
وزن ہین کہ سابقین نے زمانہ پیشین مین اونمین شعر کہے ہین اور نزدیک متاخرون کے وہ متروک
ہین اور بہت سے وزن ہین کہ متاخرون نے ساتھہ تازگی کے بطریق نو استعمال کیے ہین اور اونکے
اصول و فروع اور طرح پر ہین هم و نیز تغیرات مرکب است کہ در پارسی مستعمل است و افراد آن مستعمل نیست
مثلاً اخرب کہ عبارت از اخرم مکفوف است در فارسی مستعمل است و اخرم نیست است اور دوسری بات
یہہ ہے کہ تغیرات مرکب فارسی مین مستعمل ہین اور افراد اوسکے مستعمل نہین ہین مثلاً اخرب کہ
عبارت ہے اخرم مکفوف سے فارسی مین مستعمل ہے اور اخرم نہین ہے یعنی اخرم مستعمل نہین ہے
اور حال اسکا تفصیل اوزان بحور مین دریافت ہوگا هم و نیز فارسیان بر ہمہ زحافہای تازیان بہ تکلف

یہ استعمال کرتے ہین تغیر زحافات مین وہ انہین رکھتے ہین بخلاف عادت اہل عرب کے اسواسطے کہ
یہہ لغت فارسی زیادہ اختلاف کی متحمل نہین ہے بسبب خفت کے اور لغت تازی متحمل اختلافات کی
ہے بسبب رزانت کے ان کے ہان متحرک اور ساکن کو جب کوئی مانع نہو یعنے اختلاف بحر مین نہ پڑے اور
اشتباہ واقع نہو جمع کرتے ہین م وچون در اصول اوزان فارسی سبب ثقیل و فاصلہ مستعمل نیست
توالی سہ متحرک اصلی نباشد بل بسبب تغیری سابق بود و آنچنان بود کہ ساکن سببی خفیف بیفتد و
متحرکش مجاور دو متحرک وتد مجموع افتد تا سہ حرکت متوالی شود وچون چنین بود تسکین اوسط التسکین
حرف اول وتد باشد و ما این تغیر را تسکین نام نہادیم ت اور جو اصول اوزان فارسی یعنے فعولن مفاعیلن
فاعلاتن مستفعلن مفعولات ہین کہ یہہ لفظ ہین پانچ ہین اور اصل مین بیان سبب ثقیل اور فاصلہ مستعمل نہین ہے
توالی حرکات ثلثہ بھی اس مین اصلی نہین بلکہ یہہ توالی حرکات بسبب تغیر سابق کے ہوتا ہے اوسکی
صورت یہہ ہے کہ ساکن سبب خفیف کا گر پڑتا ہے بسبب زحاف کے اور متحرک اوسکا مجاور دو متحرک
وتد مجموع واقع ہوتا ہے پس تین متحرک متوالی جمع ہوتے ہین بسبب زحاف کے نہ اصلی جیسے فاعلن
مین جب الف ساقط ہوگا فا سے متحرکہ مجاور عین و لام وتد مجموع واقع ہوگی اور تین متحرک بسبب زحاف کے
جمع ہونگے پس جب ایسا ہوگا تسکین اوسط تسکین حرف اول وتد ہوگا اور ہمنے اس تغیر کا نام تسکین رکھا
ح قولہ سبب ثقیل و فاصلہ مستعمل نیست این ادعای مصنف ست ورنہ در راسبق تحریر یافتہ کہ سبب
ثقیل در فارسی موجود و نسبت فاصلہ بزبان فارسی و تازی ہر دو برابر ست تم کلامہ ادعای مصنف
کیسا یہہ تو امر بدیہی ہے کہ اصول اوزان فارسی مین سبب ثقیل اور فاصلہ نہین اگر واقع ہوتا ہے
بسبب زحاف کے واقع ہوتا ہے اور نسبت فاصلہ زبان پارسی اور تازی مین برابر کیسی کہ اصول
اوزان پارسی مین فاصلہ نہین ہے اور اصول اوزان تازی یعنی مفاعلتن اور متفاعلن مین فاصلہ
موجود اور معتبر ہے اور تحریر سابق کا یہہ حال ہے کہ جیسا یہان غلط سمجھے ویسا وہان غلط سمجھے
م وچون وتد در صدر رکن افتد چنانکہ در مفاعیلن بعضے متاخران این رکن را مخنوق لقب دادہ اند
و قول زجاج چنان اقتضا میکند کہ چون وتد در میانہ افتد چنانکہ در فاعلاتن بعد از خبن و تسکین عین
آنرا مشعث خوانند پس اگر در آخر رکن افتد چنانکہ در مستفعلن کہ مطوی شود شاید کہ کسی آنرا لقبی
دیگر نہد و ما چون عبارت از تغیر است بحسب ترکیب تسکین آن را لقبی ننہادیم ت اور جب وتد صدر رکن

کرین اور باقی کو بحسب ترکیب بیان کرین یعنے اسکے مفردات کو جمع کرین مثلاً کہین مجنون مسکن
تا القاب تغیرات کے بہت ہو جائین ھم گوئیم از جملہ تغیرات عام کہ بشعر فارسی خاص است یکی
آنست کہ ہر کجا سہ حرف متحرک متوالی افتد تسکین اوسط روا دارند و در یک وزن متحرک و مسکن باہم
بیامیزند و این حکم مطرد ہست الا آنجا کہ مانعی افتد مثلاً باشد کہ بحر بسبب تسکین بدل افتد چنانکہ
درین وزن کہ فعلات فاعلاتن اگر عین فعلات مسکن کنند تا این وزن شود کہ مفعول فاعلاتن بحر
از بحری دیگر است پس تسکینے کہ مقتضی اشتباہ بود نشاید ہست کہتے ہین ہم کہ جملہ تغیرات عام سے
کہ فارسی مین خاص ہین ایک یہہ تغیر ہے کہ جس جگہہ مین متحرک متوالی واقع ہووے تہین تسکین
اوسط روا رکہتے ہین اور ایک وزن مین متحرک اور مسکن ملا دیتے ہین یعنے اگر ایک جگہہ الفاظ
بروزن فعلن اور فعلاتن متحرک العین اور ایک جگہہ الفاظ بروزن فعلاتن اور فعلن مسکون العین
واقع ہون تو خلط اسکا روا ہے نہ یہہ کہ شعر مین جہان عین متحرک ہو تہین ایک کو ساکن کرین
رمضان و خفقان وغیرہ کہ انہین تسکین وسط نچاہیے ہان جس جگہہ کہ استعمال ہوگیا ہو مضائقہ نہین جیسے حیوان مین
اور یہہ حکم یعنے فعلن و فعلاتن مین تسکین اوسط کر لینا مطرد یعنی بہت ہے مگر جس جگہہ کوئی مانع ہو مثلاً تسکین اوسط سے
بحر بدل جاوے جیسا اس وزن مین کہ فعلات فاعلاتن فعلات فاعلاتن بالشکل قول انشا [illegible]
اگر اسمین عین کو ساکن کرین یہہ وزن ہو جاوے مفعول فاعلاتن مفعول فاعلاتن بحر مضارع اخرب [illegible]
پیران پارسا را پس بحر بدل جاوے اور ایسی تسکین اوسط کہ باعث اشتباہ ہو نچاہیے
ھم و نیز باشد کہ شاعر حرکات و سکنات را نظامی التزام کند مثل قصیدہ کہ مبنی باشد بر تکرار این
وزن کہ مفتعلن مفعولن و تسکین عین مفتعلن آن نظام را باطل گرداند پس درین موضع ہم نشاید
اور کبہی شاعر انتظام حرکات اور سکنات کا التزام کرتا ہے جیسے کوئی قصیدہ مبنی ہو اس وزن کی
تکرار پر مفتعلن مفعولن مفتعلن مفعولن اس جگہہ تسکین عین مفتعلن سے وہ انتظام کہ جسکا التزام کیا ہے
باطل ہوتا ہے پس یہان بہی نچاہیے ھم در جملہ قاعدہ لغت پارسی آنست کہ بیشتر تغیرات مستعمل را
در ہمہ ابیات کہ بر وزنی گویند بر یک نسق استعمال کنند [illegible]
اختلاف جایز کنند و در متحرک و مسکن چون مانعی نباشد این قاعدہ نگاہ ندارند
لغت فارسی کا یہہ ہے کہ اکثر تغیرات مستعملہ کو سب بیتون مین ایک وزن پر کہتے ہین ایک طرح

وزن کو دائرے سے اور روا نہیں ہے اور اشعار متاخرین مین جو الحاق دوسرے ساکن کا آخر
مصاریع مین اس وزن نام مین پایا جاتا ہے من قبیل عیوب ہے جیسا کہ یہہ شعر سلیم کا ہے ؎ تماشای تو بخود
کرد ہر کس را کہ می بینیم ۔ شکستہ ہر کہ در بزم تو جایش بیشتر خالی ست ۔ اور یہہ کلام متاخرین مین
بکثرت ہے ہم و مانع خلط قافیہ بود مثلاً در مثنوی و اوایل قصاید کہ ابیات مصرع بود حروف قافیہ
متساوی باید پس در عروض و ضرب خلط نشاید و در قصاید ضربہا متساوی باید پس در عروضہا
نشاید ست اور دوسرا مانع خلط قافیہ ہے یعنے مطلعہاے غزل اور مطلعہاے قصاید مین
اور ابیات مثنوی مین کہ مصرع ہوتے ہین یعنے دونون مصرعون مین قافیے ہوتے ہین قافیہ برابر
